تصنیفِ لطیف

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ

عین العارفین

(اُردو ترجمہ مع فارسی متن)

فیضانِ نظر

سلطان العاشقین حضرت سخی

سلطان محمد نجیب الرحمٰن

مدظلہ الاقدس

مترجم

احسن علی سروری قادری

(بی کام آنرز)

تصنیفِ لطیف سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ

عین العارفین (اُردو ترجمہ مع فارسی متن)

سلطان الفقر پبلیکیشنز

تصنیفِ لطیف

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھوؒ رحمۃ اللہ علیہ

عین العارفین

(اُردو ترجمہ مع فارسی متن)

فیضانِ نظر

سلطان العاشقین حضرت سخی

سلطان محمد نجیب الرحمٰن

مدظلہ الاقدس

مترجم

احسن علی سروری قادری

(بی کام آنرز)

نام کتاب — **عین العارفین** (اُردو ترجمہ مع فارسی متن)

تصنیفِ لطیف — **سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو** رحمتہ اللہ علیہ

مترجم — **احسن علی سروری قادری** (بی کام آنرز)

ناشر — **سُلطان الفقر پبلیکیشنز** (رجسٹرڈ) لاہور

بارِ اوّل — اگست 2021ء

تعداد — 500

ISBN: 978-969-2220-11-8

سُلطان الفقر ہاؤس

4-5/A ۔ایکسٹینشن ایجوکیشن ٹاؤن وحدت روڈ ڈاکخانہ منصورہ لاہور۔ پوسٹل کوڈ 54790

Ph: 042-35436600, 0322-4722766

www.sultan-bahoo.com
www.sultan-bahoo.pk
www.sultan-ul-ashiqeen.com
www.sultan-ul-ashiqeen.pk
www.sultan-ul-faqr-publications.com

مرشد کامل اکمل جامع نور الہدیٰ

سلطان العاشقین

حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس

کے نام

آپ مدظلہ الاقدس طالبانِ مولیٰ کو نورِ بصیرت عطا فرما کر عارف بنا دیتے ہیں۔

پیش لفظ

تمام تر حمد و ثنا کا واحد اور حقیقی حقدار اللہ تبارک و تعالیٰ ہے جس نے اپنی پہچان اور معرفت کے لیے یہ کائنات اور بالخصوص انسان کو تخلیق کیا اور اس پر اپنی پہچان اور دیدار کا راستہ کھولا۔ اسے وہ آنکھ اور بصیرت عطا کی جس سے وہ اپنے خالقِ حقیقی اور معبودِ واحد کا عرفان حاصل کر کے اپنے مقصدِ حیات میں کامیاب ہو سکیں۔

''عین العارفین'' سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی نایاب کتابوں میں سے ایک ہے۔ عین العارفین کا لفظی مفہوم ہے ''عارفین کی آنکھ''۔ اس کتاب میں حضرت سخی سلطان باھُوؒ نے طالبانِ مولیٰ اور سالکینِ راہِ حق کی راہنمائی کے لیے جو تعلیمات بیان کی ہیں بلاشبہ وہ انہیں ایسی بصیرت اور آنکھ عطا کرتی ہیں جس کی مدد سے وہ اللہ کی معرفت اور دیدار حاصل کرتے ہیں۔

میرے مرشد کریم سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس نے اس عاجز کو عین العارفین کے اُردو ترجمہ اور مسز عنبرین مغیث سروری قادری کو انگریزی ترجمہ کرنے کا حکم فرمایا اور اس کے لیے اپنی لائبریری سے جو قلمی و مطبوعہ نسخہ جات فراہم کیے ان کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱) پہلا قلمی نسخہ سیّد سلطان شاہ لائبریری جیکب آباد سندھ سے 1977ء میں دریافت ہونے والا ضخیم قلمی نسخہ ہے جس میں ''عین العارفین'' کے علاوہ سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو

رحمتہ اللہ علیہ کی دیگر کتب مجالستہ النبیؐ، عین الفقر، محبت الاسرار، فضل اللقا، محکم الفقرا، دیدار بخش (کلاں)، دیدار بخش (خورد)، سلطان الوھم اور تلمیذ الرحمٰن کے نسخہ جات ہیں۔ اس نسخہ پر کاتب کا نام موجود نہیں۔ سالِ کتابت 1209ھ ہے۔

۲) دوسرا قلمی نسخہ ڈاکٹر محمد صادق کا ہے جسے انہوں نے 23 جنوری 1987 بمطابق 22 جمادی الاوّل 1407ھ بروز جمعتہ المبارک تحریر فرمایا۔ نسخہ کے اوپر مقامِ کتابت ڈاکخانہ شنی بالا تحصیل وضلع مانسہرہ ہزارہ درج ہے۔

۳) تیسرا فارسی متن مع اُردو ترجمہ (مطبوعہ) ہے جس کے مترجم ڈاکٹر کے بی نسیم ہیں۔ انہوں نے 1998ء میں اس کتاب کا ترجمہ شائع کیا اور کتاب کے پیش لفظ میں درج کیا کہ انہوں نے ڈاکٹر محمد صادق آف مانسہرہ کے قلمی نسخہ سے اس کتاب کا ترجمہ کیا۔ انہیں اس کے علاوہ کوئی قلمی مسودہ میسر نہیں آسکا جس کے ساتھ اس کا مقابلہ وموازنہ کیا جاسکتا۔ تاہم انہوں نے فارسی متن کی اصلاح اور کتابت کی اغلاط کو درست کرنے کی کوشش کی ہے۔

ڈاکٹر محمد صادق نے یہ تو بیان نہیں کیا کہ انہوں نے کس قلمی نسخہ سے نقل کرتے ہوئے یہ نسخہ تحریر فرمایا تاہم سیّد سلطان شاہ لائبریری سے دریافت ہونے والے نسخہ کے ساتھ موازنہ کرنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے بھی اسی ضخیم نسخہ سے متن نقل کیا ہے کیونکہ دونوں کا متن ایک جیسا ہے تاہم کتابت کی بیشمار اغلاط دونوں نسخہ جات میں موجود ہیں اور اکثر جگہ پر احادیث اور عبارات دوبارہ تحریر کی گئی ہیں۔ جس سے اندازہ ہوا کہ کاتب نے کتابت کے دوران چند صفحات دوبارہ تحریر کر دیئے ہیں اور ڈاکٹر محمد صادق نے بھی اسی طرح وہ عبارات اپنے قلمی نسخہ میں نقل کر دیں۔

حضور مرشد کریم سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کے فیضانِ نظر کی بدولت مسز عنبرین مغیث سروری قادری اور اس عاجز نے محنتِ شاقہ سے اس کتاب کا فارسی متن تیار کیا جس میں نہ صرف کتابت کی اغلاط کو درست کیا گیا بلکہ باہمی صلاح ومشورے سے

دوہرائی گئی عبارات اور احادیث کو متن سے ختم کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ بیشمار فارسی جملوں اور الفاظ کو بھی درست کیا گیا۔ اسی فارسی متن سے اس عاجز نے اُردو میں اور مسز عنبرین مغیث سروری قادری نے انگریزی میں ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل کی۔ میں حضور مرشد کریم کی نظرِ کرم اور راہنمائی کا تہہِ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے فارسی متن کی تیاری کے دوران راہنمائی فرمائی۔ اس کے علاوہ میں مسز عنبرین مغیث سروری قادری کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے ہمیشہ کی طرح اس مرتبہ بھی اُردو ترجمہ پر نظرِ ثانی فرمائی اور قیمتی مشورے دیئے۔ اللہ پاک انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

مرشد کریم سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کے فیضانِ نظر کی بدولت عین العارفین کا آسان فہم ترجمہ اُردو شائع کیا گیا جو کہ فی الوقت 'عین العارفین' کا واحد دستیاب ترجمہ ہے جبکہ فقر و تصوف کی تاریخ میں سلطان الفقر پبلیکیشنز نے اس کتاب کا پہلی مرتبہ انگریزی ترجمہ بھی شائع کیا۔ بلاشبہ یہ سلطان العاشقین مدظلہ الاقدس کی نظرِ کرم ہے کہ طالبانِ مولیٰ کی راہنمائی کے لیے اُردو کے ساتھ ساتھ انگریزی تراجم بھی شائع کروا رہے ہیں۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ اس ترجمہ کو طالبانِ مولیٰ اور متلاشیانِ حق کی راہنمائی کا وسیلہ بنائے اور انہیں اپنی معرفت اور دیدار عطا فرمائے۔ آمین

احسن علی سروری قادری
بی کام آنرز
پنجاب یونیورسٹی لاہور

لاہور
اگست 2021ء

سلطان العارفین

حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ برصغیر پاک و ہند کے مشہور صوفی بزرگ ہیں جو یکم جمادی الثانی 1039ھ بروز جمعرات شورکوٹ ضلع جھنگ میں پیدا ہوئے۔ آپؒ کے والد محترم بازید محمدؒ مغل بادشاہ شاہجہان کے لشکر میں ایک ممتاز عہدے پر فائز تھے۔ آپؒ کی والدہ محترمہ راستی بی بیؒ ولیہ کاملہ تھیں۔ سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ ازل سے منتخب اور مادر زاد ولی تھے۔ چونکہ والدہ محترمہ اس نورانی بچے کے بلند روحانی مرتبہ سے قبل از پیدائش ہی آگاہ ہو چکی تھیں اور قربِ حضورِ حق سے بچے کا نام ''باھُو'' بھی تجویز ہو چکا تھا لہٰذا آپ رحمتہ اللہ علیہ کی پیدائش پر آپؒ کا نام باھُوؒ رکھا گیا۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ قبیلہ اعوان سے تعلق رکھتے ہیں۔ اعوان حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی غیر فاطمی اولاد ہیں۔ خونِ حیدری کی تاثیر اور اسمِ ھُو کی تنویر آپ رحمتہ اللہ علیہ کے چہرہ مبارک سے بچپن میں ہی اس قدر عیاں تھی کہ جو دیکھتا فوراً سبحان اللہ کہتا اور غیر مسلم دیکھتے تو ان کی زبانوں سے بھی بے اختیار کلمہ طیبہ ادا ہو جاتا۔ اس لیے جیسے ہی آپؒ گھر سے باہر تشریف لاتے غیر مسلم اپنے گھروں میں چھپ جاتے۔

حضرت سلطان باھُوؒ نے اپنی ابتدائی تربیت اپنی والدہ محترمہ بی بی راستیؒ سے ہی حاصل کی جو خود بھی عارفہ کاملہ تھیں اور فنا فی ھُو کے مرتبہ پر فائز تھیں۔ آپؒ نے ظاہری تعلیم حاصل نہیں کی بلکہ آپ رحمتہ اللہ علیہ اُمی ہیں اور اپنی تصانیف میں اس بات کا جابجا تذکرہ بھی فرماتے ہیں۔ اپنی

تصنیف مبارکہ ''عین الفقر'' میں آپؒ کا ارشاد ہے:

☆ ''مجھے اور محمدؐ عربی کو ظاہری علم حاصل نہیں تھا لیکن وارداتِ غیبی کے سبب علمِ باطن کی فتوحات اس قدر تھیں کہ انہیں تحریر کرنے کے لیے دفتر درکار ہیں''۔

☆ گرچہ نیست ما را علمِ ظاہر
ز علمِ باطنی جاں گشتہ طاہر

ترجمہ: اگرچہ میں نے علمِ ظاہر حاصل نہیں کیا لیکن علمِ باطن حاصل کر کے میں پاک و طاہر ہو گیا ہوں۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی والدہ محترمہ کی روحانی تربیت کے باعث بہت ہی شفاف بچپن گزارا اور کبھی کسی برائی کی طرف مائل نہ ہوئے بلکہ ہمیشہ قربِ حق کی جستجو میں ہی رہے۔ اس مقصد کی تکمیل کی خاطر مرشد کامل اکمل کی تلاش ہی آپؒ کا مشن تھا۔ اس سلسلے میں گردونواح اور دور دراز علاقوں میں بے شمار بزرگانِ دین اور اولیا کرام سے ملاقات بھی کی لیکن آپؒ کی لگن تو معرفت و وصالِ حق تعالیٰ تھی جو کہ حاصل نہ ہو رہی تھی۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ خود فرماتے ہیں کہ میں تیس سال تک مرشد کامل کی تلاش میں پھرتا رہا ہوں۔

اسی غرض سے ایک دن شورکوٹ کے نواح میں گھوم رہے تھے کہ ایک گھڑ سوار نمودار ہوئے۔ استفسار پر معلوم ہوا کہ حضرت علی ابنِ ابی طالبؓ ہیں اور اگلے ہی لمحے حضرت سلطان باھُوؒ نے خود کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ہمراہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ کی حضوری میں پایا جہاں تمام خلفائے راشدین کے علاوہ دیگر صحابہ کرام اور اہلِ بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین موجود تھے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت عثمان غنیؓ سے باری باری ملاقات کے بعد آپؒ یہی سوچ رہے تھے کہ شاید آپ کی بیعت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سپرد کی جائے گی لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دستِ مبارک آگے بڑھائے اور آپ رحمتہ اللہ علیہ کو دستِ بیعت فرمایا اور اپنا نوری حضوری فرزند قرار دیتے ہوئے خلقِ خدا کو تلقین کا حکم دیا۔ اپنی اس بیعت کے

بارے میں رسالہ روحی شریف میں اس طرح رقم طراز ہیں:

دست بیعت کرد ما را مصطفیٰ خواندہ است فرزند ما را مجتبیٰ

شد اجازت باھُوؒ را از مصطفیٰ خلق را تلقین بکن بہرِ خدا

ترجمہ: مجھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دستِ بیعت فرما کر اپنا نوری حضوری فرزند قرار دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مجھے اجازت دی ہے کہ میں خلقِ خدا کو راہِ حق تعالیٰ کی تلقین کروں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دستِ بیعت فرما کر سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کو سیّدنا غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہٗ کے سپرد فرمایا جنہوں نے آپ رحمتہ اللہ علیہ کی باطنی تربیت مکمل کی اور مرشد کامل اکمل سے ظاہری بیعت کا حکم فرمایا۔ آپؒ نے دہلی میں سلسلہ قادریہ کے بزرگ سیّد عبدالرحمٰن جیلانی دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کے دستِ اقدس پر بیعت کی سعادت حاصل کی اور اسمِ اللہ ذات اور امانتِ فقر حاصل کی جو روزِ ازل سے آپؒ کا مقدر تھی۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کا سلسلہ فقر پچیس (25) واسطوں سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے جا ملتا ہے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ اہلِ سنت والجماعت سے تعلق رکھتے ہیں اور فقہ میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہٗ کے پیروکار ہیں۔

حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ سلطان الفقر کے بلند مرتبہ پر فائز ہیں۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے پہلی مرتبہ اپنی تصنیفِ مبارکہ ''رسالہ روحی شریف'' میں سلطان الفقر ارواح کے مقام ومرتبہ سے پردہ اُٹھایا۔ آپؒ فرماتے ہیں:

☆ جب نورِ احدی نے وحدت کے گوشۂ تنہائی سے نکل کر کائنات (کثرت) میں ظہور کا ارادہ فرمایا تو اپنے حسن کی تجلی کی گرم بازاری سے (تمام عالموں کو) رونق بخشی، اس کے حسنِ بے مثال اور شمعِ جمال پر دونوں جہان پروانہ وار جل اُٹھے اور میم احمدی کا گھونگھٹ اوڑھ کر صورتِ احمدی اختیار کی۔ پھر جذبات وارادات کی کثرت سے سات بار جنبش فرمائی جس سے سات ارواحِ فقرا باصفا فنا فی اللہ بقا باللہ تصورِ ذات میں محو، تمام مغز بے پوست حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے

ستر ہزار سال پہلے اللہ تعالیٰ کے جمال کے سمندر میں غرق آئینہ یقین کے شجر پر نمودار ہوئیں۔ انہوں نے ازل سے ابد تک ذاتِ حق کے سوا کسی چیز کی طرف نہ دیکھا اور نہ غیر حق کو سنا۔ وہ حریمِ کبریا میں ہمیشہ وصال کا ایسا سمندر بن کر رہیں جسے کبھی زوال نہیں۔ کبھی نوری جسم کے ساتھ تقدیس وتنزیہہ میں کوشاں رہیں اور کبھی قطرہ سمندر میں اور کبھی سمندر قطرہ میں' اور اِذَا تَمَّ الْفَقْرُ فَھُوَ اللہ کے فیض کی چادر ان پر ہے۔ پس انہیں ابدی زندگی حاصل ہے اور وہ اَلْفَقْرُ لَا یُحْتَاجُ اِلٰی رَبِّہٖ وَلَا اِلٰی غَیْرِہٖ کی جاودانی عزت کے تاج سے معزز و مکرم ہیں۔ انہیں حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش اور قیامِ قیامت کی کچھ خبر نہیں۔ ان کا قدم تمام اولیا اللہ اور غوث وقطب کے سر پر ہے۔ اگر انہیں خدا کہا جائے تو بجا ہے اور اگر بندۂ خدا کہا جائے تو روا ہے۔ اس راز کو جس نے جانا اس نے پہچانا۔ ان کا مقام حریمِ ذاتِ کبریا ہے۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے سوائے اللہ تعالیٰ کے کچھ نہ مانگا، حقیر دنیا اور آخرت کی نعمتوں، حور و قصور اور بہشت کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی نہیں دیکھا اور جس ایک تجلّی سے حضرت موسیٰ علیہ السلام سراسیمہ ہو گئے اور کوہِ طور پھٹ گیا تھا ہر لحہ، ہر پل جذباتِ انوارِ ذات کی ویسی تجلیات ستر ہزار بار ان پر وارد ہوتی ہیں لیکن وہ نہ دم مارتے ہیں اور نہ آہیں بھرتے ہیں بلکہ مزید تجلیات کا تقاضا کرتے ہیں۔ وہ سلطان الفقر اور سیّد الکونین ہیں۔ (رسالہ روحی شریف)

اسمِ اللہ ذات کے فیض کو عام کرنے کے لیے آپ رحمتہ اللہ علیہ نے برصغیر کے بے شمار علاقوں میں سفر کیا کیونکہ آپؒ اس بات کے قائل ہیں کہ فقیر چل پھر کر لوگوں میں فیض بانٹتا ہے۔ آپؒ نے اپنی نگاہِ کامل سے لاکھوں لوگوں کو فیض یاب فرمایا اور انہیں راہِ حق کا سالک بنا دیا۔

آپ رحمتہ اللہ علیہ نے سلسلہ قادریہ کو از سرِ نو ترتیب دیتے ہوئے سلسلہ سروری قادری کے نام سے منظم کیا اور اسمِ اللہ ذات کے فیوض و برکات کو اپنی تعلیمات کے ذریعے عوام الناس کے لیے عام کیا۔ اسمِ اللہ ذات کا وہ فیض جو پہلے صرف خواص تک محدود تھا اسے سب کے لیے عام کر دیا۔ سلسلہ سروری قادری کے متعلق آپؒ فرماتے ہیں کہ میرا سلسلہ ہر طرح کے جبہ و دستار اور ورد و

وظائف اور تسبیحات سے پاک ہے بلکہ آپؒ فرماتے ہیں کہ میرا سلسلہ محبوبیت کا سلسلہ ہے کہ اس میں رنجِ ریاضت نہیں بلکہ اسمِ اللہ ذات سے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری اور دیدارِ حق تعالیٰ عطا ہوتا ہے۔ اپنے سلسلہ سروری قادری کے متعلق آپ رحمتہ اللہ علیہ ''محک الفقر کلاں'' میں فرماتے ہیں:

☆ یاد رہے کہ قادری طریقہ بھی دو قسم کا ہے ایک زاہدی قادری طریقہ ہے جس میں طالب عوام کی نگاہ میں صاحبِ مجاہدہ وصاحبِ ریاضت ہوتا ہے جو ذکرِ جہر سے دل پر ضربیں لگاتا ہے، غور وفکر سے نفس کا محاسبہ کرتا ہے، ورد ووظائف میں مشغول رہتا ہے، راتیں قیام میں گزارتا ہے اور دن میں روزہ رکھتا ہے لیکن باطن کے مشاہدہ سے بےخبر قال (گفتگو) کی وجہ سے صاحبِ حال بنا رہتا ہے۔ دوسرا سلسلہ سروری قادری ہے جس میں طالب قرب و وِصال اور مشاہدۂ دیدار سے مشرف ہو کر شوریدہ حال رہتا ہے اور مرشد کامل ایک ہی نظر سے طالبِ مولیٰ کو معیتِ حق تعالیٰ میں پہنچا دیتا ہے اور وصالِ پروردگار سے مشرف کر کے حق الیقین کے مراتب تک پہنچا دیتا ہے۔ ایسا ہی سروری قادری فقیر قابلِ اعتبار ہے کہ وہ قاتلِ نفس ہوتا ہے اور کارزارِ حق میں پیش قدمی کرنے والا سالار ہوتا ہے۔ (محک الفقر کلاں)

مزید فرماتے ہیں:

☆ سروری قادری اسے کہتے ہیں جو نرشیر پر سواری کرتا ہے اور غوث وقطب اس کے زیر بار رہتے ہیں۔ سروری قادری طالبوں اور مریدوں کو اللہ تعالیٰ کے کرم سے پہلے ہی روز یہ مرتبہ حاصل ہو جاتا ہے کہ ماہ سے ماہی تک ہر چیز ان کی نگاہ میں آ جاتی ہے۔ سروری قادری کی اصل حقیقت یہ ہے کہ سروری قادری فقیر ہر طریقے کے طالب کو عامل کامل مرتبے پر پہنچا سکتا ہے کیونکہ دیگر ہر طریقے کے عامل کامل درویش، سروری قادری فقیر کے نزدیک ناقص و ناتمام ہوتے ہیں کہ دوسرے ہر طریقے کی انتہا سروری قادری کی ابتدا کو بھی نہیں پہنچ سکتی خواہ کوئی عمر بھر محنت و ریاضت کے پتھر سے سر پھوڑتا رہے۔ (محک الفقر کلاں)

سلسلہ سروری قادری کی ترویج اور طالبانِ مولیٰ کی رہنمائی کے لیے سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ نے اس وقت کی مروجہ زبان فارسی میں کم وبیش 140 کتب تصنیف فرمائیں جن میں سے صرف چھتیس (36) کے قریب کتب کے تراجم دستیاب ہیں۔ان کتب کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

(۱)۔ابیاتِ باھُوؒ (پنجابی) (۲)۔دیوانِ باھُوؒ (فارسی) (۳)۔عین الفقر (۴)۔نورالہدیٰ (کلاں) (۵)۔نورالہدیٰ (خورد) (۶)۔کلید التوحید (کلاں) (۷)۔کلید التوحید (خورد) (۸)۔محک الفقر (کلاں) (۹)۔محک الفقر (خورد) (۱۰)۔امیر الکونین (۱۱)۔محکم الفقرا (۱۲)۔کشف الاسرار (۱۳)۔گنج الاسرار (۱۴)۔رسالہ روحی شریف (۱۵)۔مجالسۃ النبیؐ (۱۶)۔شمس العارفین (۱۷)۔جامع الاسرار (۱۸)۔اسرارِ قادری (۱۹)۔اورنگ شاہی (۲۰)۔مفتاح العارفین (۲۱)۔عین العارفین (۲۲)۔کلیدِ جنت (۲۳)۔قربِ دیدار (۲۴)۔تیغِ برہنہ (۲۵)۔عقلِ بیدار (۲۶)۔فضل اللقا (کلاں) (۲۷)۔فضل اللقا (خورد) (۲۸)۔توفیقِ ہدایت (۲۹)۔سلطان الوھم (۳۰)۔دیدار بخش (کلاں) (۳۱)۔دیدار بخش (خورد) (۳۲)۔محبت الاسرار (۳۳)۔طرفتہ العین یا حجت الاسرار (یہ کتاب دونوں ناموں سے مشہور ہے)۔(۳۴) تلمیذ الرحمٰن (۳۵)۔سیف الرحمٰن (۳۶) گنجِ دین (اس کتاب کا قلمی نسخہ مئی 1988ء میں ٹبہ پیراں ضلع جھنگ سے دریافت ہوا جس کا ترجمہ ڈاکٹر سلطان الطاف علی جو کہ حضرت سخی سلطان باھُوؒ کے خانوادہ سے تعلق رکھتے ہیں، نے ستمبر 2020ء میں کیا۔)

مناقبِ سلطانی اور شمس العارفین سے آپ رحمتہ اللہ علیہ کی چند ایسی تصانیف کے نام بھی ملتے ہیں جو اب تک ناپید ہیں اور ان کے نام یہ ہیں: (۱)۔مجموعۃ الفضل (۲)۔عین النجا (۳)۔مفتاح العاشقین (۴)۔قطب الاقطاب (۵)۔شمس العاشقین (۶)۔دیوانِ باھُو کبیر وصغیر۔ایک ہی دیوانِ باھُوؒ (فارسی) دستیاب ہے جو یا تو کبیر ہے یا صغیر۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی کتب کا اندازِ تحریر نہایت خوبصورت اور منفرد ہے۔فارسی زبان میں ہی مطالعہ کرنے پر اس قدر سرور اور لذت حاصل ہوتی ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ان کتب کا اعجاز یہ

ہے کہ نہ صرف صدقِ دل اور خلوصِ نیت سے پڑھنے والے کے قلب و روح کو معطر کرتی ہیں بلکہ راہِ حق اور مرشد کامل اکمل کے متلاشی طالبانِ مولیٰ کے لیے مکمل راہنما ثابت ہوتے ہوئے انہیں مرشد کامل اکمل تک بھی پہنچاتی ہیں۔آپؒ کی کتب نہ صرف قرآن و سنت کے عین مطابق بلکہ قرآن و حدیث کی بہترین تفسیر ہیں۔ان کتب میں طالبانِ مولیٰ کے لیے معرفتِ حق تعالیٰ اور دیدارِ حق تعالیٰ کا پیغام ہے۔تمام تر کتب اسمِ اللہ ذات اور مرشد کامل اکمل و فقیرِ کامل کے فضائل پر مشتمل ہیں۔اپنی تصانیفِ مبارکہ کے متعلق سلطان باھُوؒ کا ارشاد ہے:

ہیچ تالیفے نہ در تصنیفِ ما ہر سخن تصنیفِ ما را از خدا
علم از قرآن گرفتم و ز حدیث ہر کہ منکر میشود اہل از خبیث

ترجمہ: میری تصانیف میں کوئی تالیف نہیں ہے اور میری تصنیف کا ہر حرف اللہ کی جانب سے ہے۔ان میں بیان کردہ ہر علم قرآن و حدیث کی حد میں ہے اور جو کوئی ان تصانیف کا منکر ہو وہ قرآن و حدیث کا منکر ہوتا ہے اس لیے وہ پکا خبیث ہے۔

آپؒ کی تصانیف ہر مقام و مرتبہ کے حامل طالبانِ مولیٰ خواہ وہ ابتدائی مقام پر ہوں یا متوسط یا انتہائی مقام پر، سب کی رہنمائی کرتی ہے۔اگر کوئی راہِ سلوک میں رجعت کھا کر اپنے روحانی مقام و مرتبہ سے گر گیا ہو اس کے لیے آپؒ کی کتب بہترین رہنما ثابت ہوتی ہیں۔رسالہ روحی شریف میں آپؒ کا فرمان ہے:

☆ اگر کوئی ولیٔ واصل عالمِ روحانی یا عالمِ قدس شہود میں رجعت کھا کر اپنے مرتبہ سے گر گیا ہو تو وہ اس رسالہ کو وسیلہ بنائے تو یہ رسالہ اس کے لیے مرشد کامل ثابت ہوگا۔اگر وہ اسے وسیلہ نہ بنائے تو اسے قسم ہے اور اگر ہم اسے اس کے مرتبہ پر بحال نہ کریں تو ہمیں قسم ہے۔(رسالہ روحی شریف)

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ امانتِ فقر کے حصول کے بعد خالص و صادق طالبِ مولیٰ کی تلاش میں رہے جسے خزانہ فقر امانتِ فقر منتقل کی جا سکے لیکن اپنی حیات میں اس مرتبہ کا صادق طالبِ مولیٰ نہ پا سکے۔فرماتے ہیں:

دل دا محرم کوئی نہ ملیا، جو ملیا سو غرضی ھُو

آپؒ اپنی تصنیف امیر الکونین میں جا بجا اس کے متعلق فرماتے ہیں:

باھُوؒ کس نیامد طالبے لائق طلب
حاضر کنم با مصطفیٰؐ توحید ربّ

ترجمہ: اے باھُوؒ! میرے پاس کوئی بھی اللہ کی طلب لے کر نہیں آیا جسے میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری عطا کر کے وحدتِ حق تک لے جاؤں۔

کس نیابم طالبے تشنہ طلب
معرفت دیدار چشم راز ربّ

ترجمہ: میں نے ایسا کوئی طالب نہیں پایا جو معرفت اور دیدار کے لیے تشنہ ہو اور جس کی آنکھ اللہ کے اسرار کا مشاہدہ چاہتی ہو۔

کس نیابم طالبے حق حق طلب
میرسانم باحضوری راز ربّ

ترجمہ: میں کوئی بھی طالبِ حق نہیں پا سکا جو (مجھ سے) حق طلب کرے اور میں اسے رازِ ربّ عطا کرتے ہوئے حضورِ حق میں پہنچا دوں۔

آپ رحمتہ اللہ علیہ ظاہری طور پر امانت منتقل کیے بغیر ہی وصال فرما گئے۔ آپؒ کے وصال کے 139 سال بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سلطان التارکین حضرت سخی سلطان سیّد محمد عبد اللہ شاہ مدنی جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کو امانتِ الٰہیہ کے لیے منتخب فرما کر مدینہ سے جھنگ کی طرف جانے کا حکم دیا۔ حضرت سلطان باھُوؒ سے امانتِ فقر حاصل کرنے کے بعد سلطان التارکین حضرت سخی سلطان سیّد محمد عبد اللہ شاہ مدنی جیلانیؒ سلطان باھُوؒ کے حکم پر احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور تشریف لے گئے اور اپنے وصال تک وہاں قیام فرمایا۔ سیّد محمد عبد اللہ شاہ مدنی جیلانیؒ کا دربار پاک فتانی چوک احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور میں واقع ہے۔

حضرت سلطان باھوؒ نے یکم جمادی الثانی 1102ھ بروز جمعرات بوقتِ عصر وصال فرمایا۔ آپؒ کا مزار مبارک گڑھ مہاراجہ ضلع جھنگ کے نزدیک مرجع خلائق ہے۔ ہر سال جمادی الثانی کی پہلی جمعرات کو آپؒ کا عرس منایا جاتا ہے۔

محرم الحرام کے ابتدائی دس دنوں میں سلطان باھو رحمتہ اللہ علیہ شہدائے کربلا اور اہلِ بیتؓ کی یاد میں محافل منعقد کرایا کرتے تھے اسی روایت کے پیش نظر محرم الحرام کے ابتدائی دس دنوں میں لاکھوں کی تعداد میں زائرین دربار پاک پر حاضر ہو کر فیض یاب ہوتے ہیں۔

سلطان باھوؒ کا یہ ارشاد سینہ بہ سینہ منتقل ہوتا آیا ہے:

''جب گمراہی عام ہو جائے گی، باطل حق کو ڈھانپ لے گا، فرقوں اور گروہوں کی بھرمار ہوگی، ہر فرقہ خود کو حق پر اور دوسروں کو گمراہ سمجھے گا اور گمراہ فرقوں اور لوگوں کے خلاف بات کرتے ہوئے لوگ گھبرائیں گے اور علمِ باطن کا دعویٰ کرنے والے اپنے چہروں پر ولایت کا نقاب چڑھا کر درباروں اور گدیوں پر بیٹھ کر لوگوں کو لوٹ کر اپنے خزانے اور جیبیں بھر رہے ہوں گے تو اس وقت میرے مزار سے نور کے فوارے پھوٹ پڑیں گے''۔

اس قول سے مراد یہی ہے کہ گمراہی کے دور میں آپؒ کا کوئی غلام آپؒ کی روحانی رہنمائی میں آپؒ کی تعلیماتِ حق کو لے کر کھڑا ہوگا اور گمراہی کو ختم کر کے حق کا بول بالا کرے گا۔ حضرت سلطان باھوؒ کا یہ فرمان سچ ثابت ہو چکا ہے۔ میرے مرشد کریم اور سلسلہ سروری قادری کے موجودہ شیخِ کامل سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس آپؒ کی تعلیماتِ فقر کو عام کرنے میں ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ آپ مدظلہ الاقدس نے بطور مجدد سلسلہ سروری قادری میں رواج پا جانے والی بدعات کو ختم کیا اور اپنی تصنیفات کے ذریعے عوام الناس کو اصل فقیرِ کامل و مرشد کامل اکمل جامع نور الہدیٰ کی پہچان کرائی۔ آپ مدظلہ الاقدس نے اب تک اپنی نگاہِ کامل سے لاکھوں لوگوں کو فیض یاب فرمایا ہے اور مسلسل فیض یاب فرما رہے ہیں۔ اسمِ اللہ ذات کے ذکر و تصور اور ذکرِ یاھو کا فیض جو پہلے صرف خواص تک محدود تھا، آپ مدظلہ الاقدس نے اُسے دنیا

بھر میں عام فرما دیا ہے۔آپ مدظلہ الاقدس اس پُرفتن اور گمراہی کے دور میں زنگ آلود قلوب سے نفسانی خواہشات کی میل اور زنگ کو دور کر کے طالبانِ دنیا کو طالبانِ مولیٰ بنا رہے ہیں۔آپ مدظلہ الاقدس نے تعلیماتِ فقر کی ترویج کے لیے کتب کی اشاعت، ویب سائٹس اور سوشل میڈیا کے ذریعے اسم اللہ ذات کا پیغام دنیا بھر میں پہنچا دیا ہے اور یہ سلسلہ مستقل بنیادوں پر جاری ہے۔سلسلہ سروری قادری میں جس قدر جدوجہد آپ مدظلہ الاقدس نے کی اور مسلسل کر رہے ہیں آج تک کوئی نہ کر سکا۔

دعوتِ حق کے متعلق سلطان باھُوؒ کا اعلانِ عام ہے:

ہر کہ طالبِ حق بود من حاضرم ز ابتدا تا انتہا یک دم برم

طالب بیا! طالب بیا! طالب بیا! تا رسانم روزِ اوّل با خدا

ترجمہ: اگر کوئی حق کا طالب ہے تو میں اس کے لیے حاضر ہوں کہ اسے ابتدا سے انتہا تک ایک لمحہ میں پہنچا دوں۔اے طالب آ، اے طالب آ، اے طالب آ۔تاکہ میں پہلی ہی نگاہ میں حق تک پہنچا دوں۔

طالبانِ حق کے لیے دروازہ کھلا ہے، ورنہ حق بے نیاز ہے۔

سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ کی سوانح حیات کے تفصیلی مطالعہ کے لیے مرشد کریم سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کی تصانیف مبارکہ ''شمس الفقرا''، ''مجتبیٰ آخر زمانی'' اور ''سلطان باھُوؒ'' کا مطالعہ فرمائیں۔

عین العارفین

(اردو ترجمہ)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

لَیۡسَ فِی الدَّارَیۡنِ اِلَّا ھُوۡ

ترجمہ: دونوں جہان میں ھُو کے سوا کچھ موجود نہیں۔

درود ہو سیّد السادات حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر، آپ کے اہلِ بیت اور تمام اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین پر۔

اما بعد! یہ کتاب قرآن وحدیث کے عین مطابق ہے۔ اس تصنیف کے مصنف سروری قادری فقیر باھُوؒ ولد بازیدؒ عرف اعوان ہیں جو قلعہ شورکوٹ کے قرب وجوار میں رہنے والے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ یہ کتاب محی الدین اورنگ زیب کے زمانہ میں لکھی گئی ہے جو علم الیقین سے شریعت کی اتباع کرنے والا، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پیروکار اور دین پر سختی سے کاربند رہنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس بادشاہِ اسلام کو ''نون والصّادؔ[1]'' کی حرمت سے ابدالآباد تک جمعیت عطا فرمائے۔ اس کتاب کا نام عین العارفین رکھا گیا ہے اور اسے محک الفقر المحققین کا خطاب دیا گیا ہے۔

اَللّٰہ   لِلّٰہ   لَہٗ   ھُوۡ

جان لو کہ یہ چاروں اسما دونوں جہان کے قفل کے لیے کلید کی مثل ہیں۔ صاحبِ کلید کو چاہیے کہ

---

[1] حروف مقطعات

صاحبِ تقلید بننے کی بجائے اس کلید سے کُل و جز کے قفل کھولے۔ اسمِ اللّٰہ معمّٰی کی مثل ہے اور اس معمّٰی کو صاحبِ مسمّٰی کے علاوہ کوئی نہیں کھول سکتا۔ اسمِ اللّٰہ کا برزخ عارف باللہ کو مقامِ الوہیت تک پہنچاتا ہے اور اسے صاحبِ وصال بنا دیتا ہے۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ برزخ اسم لِلّٰہ سے عارف باللہ کو مقامِ لاھوت حاصل ہوتا ہے اور اس مرتبہ پر وہ اللہ تعالیٰ سے وصال پاتا ہے۔ برزخ اسم لَہٗ سے عارف باللہ لامکان تک رسائی پا کر واصل ہوتا ہے۔ برزخ اسم ھُوْ سے عارف باللہ مقامِ احدیت تک پہنچ کر اللہ تعالیٰ سے واصل ہو جاتا ہے۔ یہ چاروں اسمِ اللّٰہ ذات ہیں جو آئینہ کی مثل ہیں۔ عارف باللہ مرشد وہ ہے جو وحدانیت میں غرق کرتا ہے اور مجلسِ محمدیؐ کی حضوری میں پہنچا کر انبیا، اصفیا اور اولیا کی صحبت سے مشرف کر دیتا ہے۔ وہ دنیا و آخرت کے تمام مقامات، درجات اور طبقات کا مشاہدہ اسمِ اللّٰہ کے اس آئینہ میں دکھاتا ہے جنہیں دیکھ کر طالب ظاہر و باطن میں ان سب کی تحقیق کر لیتا ہے۔ جب طالب برزخ اسمِ اللّٰہ ذات کا دماغ پر تصور کرتا ہے وہ صاحبِ اسرار ہو جاتا ہے اور مشاہدۂ وحدانیت سے غافل نہیں رہتا۔ اسمِ اللّٰہ ذات کی تاثیر کی خاصیت یہ ہے کہ یہ سونے نہیں دیتی۔ جب طالب برزخ اسمِ لِلّٰہ کا دل پر تصور کرتا ہے تو روشن ضمیر ہو جاتا ہے۔ اسے دیدار حاصل ہوتا ہے اور بالآخر وہ فنا فی اللہ فقیر کا مرتبہ حاصل کر لیتا ہے۔ جب وہ برزخ اسمِ لَہٗ کا آنکھ پر تصور کرتا ہے تو اس کی آنکھوں پر سے حجابات اُٹھ جاتے ہیں۔ پھر وہ دونوں آنکھوں پر برزخ اسمِ ھُوْ کا تصور کرتا ہے جس کی بدولت سر سے قدم تک اس کے وجود سے تمام غیر ماسویٰ اللہ جل جاتے ہیں۔ ازلی مست وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ جڑ چکا ہو۔ اسمِ اللّٰہ میں مشغول شخص انسان ہے جبکہ اللہ سے غافل شخص دیو شیطان ہے۔ حدیثِ قدسی ہے:

اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَ اَنَا سِرُّہٗ

ترجمہ: انسان میرا راز ہے اور میں انسان کا راز ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ (سورۃ بنی اسرائیل۔70)

ترجمہ: اور ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی۔

جو اللہ تعالیٰ سے غافل ہو وہ کافر و یہود کی مثل ہے۔ حدیثِ قدسی ہے:

اِذَا ذَكَرْتَنِيْ شَكَرْتَنِيْ وَاِذَا نَسِيْتَنِيْ كَفَرْتَنِيْ

ترجمہ: جب تو میرا ذکر کرتا ہے تو گویا میرا شکر ادا کرتا ہے اور جب تو مجھے بھول جاتا ہے گویا تُو کفر کرتا ہے۔

علمِ تفسیر میں ہر علم شامل ہے۔ اسی سے فقہ کا علم حاصل ہوتا ہے۔ دعوتِ کامل کا علم، تمام اذکار کا علم، فکرِ آخرت کا علم، قرب، حضوری اور وصال کا علم، کشف القبور کا علم، کشف و کرامات کا علم، دنیا، فرشتوں، جنات اور مؤکلات کا علم، تمام طبقات اور مقامات کا علم، ولایت کا علم جو کہ انتہا تک پہنچاتا ہے، راہِ فقر کے اولیا اور سلطان الفقر کا علم' یہ سب علمِ تاثیر میں شامل ہیں جو کہ اسمِ اللہ ذات سے حاصل ہوتا ہے۔ اے عزیز! جان لو کہ اسمِ اللہ ذات ہی ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گا۔ جو اسمِ اللہ ذات سے آگاہ ہو جاتا ہے وہ ہر لحہ نئی زندگی پاتا ہے۔ اسمِ اللہ ذات کو قلب پر نقش کرنے سے اُسے اللہ کے اسرار حاصل ہوتے ہیں۔ نقاش یعنی اللہ تعالیٰ کے علاوہ جو کچھ بھی غیر ماسویٰ اللہ تیرے دل میں ہے اُسے دھو ڈال۔ اہلِ دین کے لیے ترکِ دنیا ہر عبادت کی بنیاد ہے اور اہلِ دل کے لیے حبِ دنیا لعنت ہے۔ ابیات:

سہ طلاقش داد دنیا را رسولؐ
ہر کہ دنیا درم داد اُو نا قبول

ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دنیا کو تین طلاقیں دے دیں اور اگر کسی نے انہیں دنیا کا مال و دولت پیش بھی کیا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسے قبول نہ کیا۔

اسم اللہ پاک با جیفہ کجا
اہل دنیا کی بود وحدت خدا

ترجمہ: اسمِ اللہ ذات پاک ہے اس کا مردار کے ساتھ تعلق کیسے ہو سکتا ہے! اسی لیے اہلِ دنیا کس طرح وحدتِ الٰہی پا سکتے ہیں!

دین و دنیا ہر دو با دل راہ نیست
عارفان را طلب عز و جاہ نیست

ترجمہ: دین و دنیا دونوں ایک ساتھ دل میں نہیں رہ سکتے۔ اسی لیے عارفین کو عز و جاہ کی طلب نہیں ہوتی۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

مَا جَعَلَ اللّٰہُ لِرَجُلٍ مِّنۡ قَلۡبَیۡنِ فِیۡ جَوۡفِہٖ (سورۃ الاحزاب۔4)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے کسی آدمی کے لیے اس کے سینے میں دو دل نہیں بنائے۔

حدیثِ مبارکہ ہے:

اَلدُّنۡیَا مَلۡعُوۡنٌ وَّ مَا فِیۡھَا مَلۡعُوۡنٍ

ترجمہ: دنیا بھی ملعون ہے اور جو کچھ اس کے اندر ہے وہ بھی ملعون ہے۔

دونوں جہان قلب کی طے میں ہیں اور قلب اسمِ اللہ ذات کی طے میں ہے۔ یہ بات اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے معلوم ہوتی ہے جس میں اس نے فرمایا:

اِنَّ الۡقُلُوۡبَ بَیۡنَ اُصۡبُعَیۡنِ مِنۡ اَصَابِعِ اللّٰہِ یُقَلِّبُھَا کَیۡفَ یَشَآءُ (ترمذی۔2140)

ترجمہ: بیشک قلوب اللہ تعالیٰ کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان ہیں۔ وہ جیسے چاہتا ہے انہیں پلٹتا ہے۔

جس قلب پر اسمِ اللہ ذات نقش ہو اس پر خناس و خرطوم، وسوسے، خطراتِ شیطانی اور ہوائے نفسانی اثر انداز نہیں ہوتے۔ ایسا عارف باللہ اللہ کی معیت میں رہتا ہے۔ اس کے بعد وہ اسمِ محمد ﷺ کے تصور کی بدولت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات میں فنا ہو جاتا ہے۔ جو اسمِ محمد ﷺ کی صفات سے

متصف ہو جائے اس کی ہر بات نورِ محمد (کی تاثیر) سے بھرپور ہوتی ہے۔ اس کے بعد وہ تصور کے برزخ سے فقر میں فنا ہو جاتا ہے۔ اسی تصور کی بدولت فقیر سلطان الفقر سے منسلک ہوتا ہے اور اسے غریبی[1] و تواضع حاصل ہو جاتی ہے۔ فقیر کا قلب برزخ الف کے تصور سے الف میں فنا ہو جاتا ہے۔ تصورِ شیخ کی بدولت شیخ کے ساتھ اخلاص پیدا ہوتا ہے اور طالب باطن میں جو بھی مقصود چاہتا ہے پالیتا ہے جس کے بعد اسے اسرار حاصل ہوتے ہیں۔

جان لو کہ جب اسمِ اللہ ذات کے تصور سے اسمِ اللہ دل پر نقش ہو جاتا ہے تو خناس و خرطوم اسمِ اللہ ذات کی گرمی سے جل جاتے ہیں اور کدورت اور پردۂ شیطانی دل سے ختم ہو جاتے ہیں۔ دل پر موجود سیاہ دھبا دکھائی دینے لگتا ہے اور چشمِ دل روشن ہو جاتی ہے جس کی بدولت دونوں جہان نظروں کے سامنے آ جاتے ہیں۔ نفس شب و روز شرمندہ اور حیران و پریشان رہتا ہے۔ نفس مرشد کے ساتھ جنگ کرنا چاہتا ہے تاکہ طالب کو مرشد سے بے اعتقاد کر کے جدا کر دے کیونکہ مرشد قصاب کی مثل نفس کو ذبح کرنے والا ہوتا ہے۔ اس مقام پر طالب کو چاہیے کہ اپنے اعتقاد پر ثابت قدم رہے ورنہ وہ طالبِ دیدار اور اہلِ تصور نہیں۔

ابیات:

ای باھُوؒ! ذکر حق باز ماند از ہوا
دم بدم معراج باشد باخدا

ترجمہ: اے باھُوؒ! ذکرِ حق خواہشاتِ نفسانی سے دور رکھتا ہے جس کی بدولت طالب لحہ بہ لحہ اللہ تعالیٰ کی طرف عروج کرتا ہے۔

گر ترا باور نہ ای راہزن
لِیْ مَعَ اللّٰہ بشنوی نبویؐ سخن

---

[1] حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی تعلیمات کے مطابق غریب سے مراد وہ فقیر ہے جس کے وجود سے غیر اللہ نکل گیا ہو اور اس کے اندر ھُو (اللہ تعالیٰ) کے سوا کچھ بھی نہ ہو۔

ترجمہ: نفس ایک راہزن ہے۔ اگر تمہیں یقین نہیں تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی لِیۡ مَعَ اللّٰہ والی حدیث سن۔

لِیۡ مَعَ اللّٰہِ وَقۡتٌ لَا یَسۡعُنِیۡ فِیۡہِ مَلَكٌ مُّقَرَّبٌ وَّ لَا نَبِیٌّ مُّرۡسَلٌ

ترجمہ: میرا اللہ کے ساتھ ایک وقت ایسا بھی ہے جس تک نہ کسی مقرب فرشتے کی رسائی ہے اور نہ کسی نبی مرسل کی۔

طالبِ مولیٰ کو چاہیے کہ اپنی ہر طلب سے پہلے اللہ تعالیٰ سے کامل مرشد طلب کرے۔ کامل کسے کہتے ہیں؟ کامل مرشد وہ ہے جو بغیر محنت و مشقت، بغیر ریاضت و مجاہدہ اور بغیر ذکر وفکر کے اٹھارہ ہزار عالموں کی جتنی بھی مخلوقات اور موجودات ہیں ان سب کا نظارہ دکھا دے، پھر مجلسِ محمدیؐ میں داخل کر دے اور زمین و آسمان میں جتنے بھی زندہ یا فوت شدہ اولیا، انبیا، اصفیا ہیں ان سب سے ظاہر و باطن میں مصافحہ کروائے۔

حدیثِ مبارکہ ہے:

كُلُّ بَاطِنٍ مُخَالِفٌ لِظَّاهِرِ فَهُوَ بَاطِلٌ

ترجمہ: ہر باطن جو ظاہر کے مخالف ہو وہ باطل ہے۔

اسمِ اللّٰہ ذات کے نقش کے برزخ اور تصور کی راہ فنا فی اللہ تک پہنچاتی ہے یعنی اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ تصور اسمِ اللّٰہ ذات کی تاثیر سے ایسی آگ پیدا ہوتی ہے جس کی گرمی سے تمام وجود جل جاتا ہے اور طالب کے لیے سونا محال ہو جاتا ہے۔ اس کے لیے کھانا مجاہدہ اور نیند مشاہدہ ہوتی ہے۔ طالب کا ذکر بغیر کسی واسطہ کے جاری ہو جاتا ہے اور اُسے سکر و مستی اور جذب کی حالت میں رکھتا ہے۔ ایسا طالب مستی میں بھی ہوشیار اور نیند میں بھی بیدار رہتا ہے۔ فنا فی اللہ ہونے کے لیے تصور ایک برزخ ہے۔ تصور اسمِ اللّٰہ ذات کے برزخ سے طالب کا قلب کامل استغنا حاصل کر کے بے غم ہو جاتا ہے۔ وہ اللہ پر توکل کرتے

ہوئے اس کا شکر بجالاتا ہے اور بغیر کلام کیے اس کے چہرہ کے دیدار میں مشغول رہتا ہے۔ فنافی ھُو کے تصور کے برزخ کے باعث نہ رات کو قرار آتا ہے نہ دن کو آرام۔ اللہ سے عشق کی بدولت طالب ایک ہی قدم میں اس کی محبت اور رضا حاصل کر لیتا ہے اور اس کا قلب تصورِ ھُوْ کی بدولت ہمہ وقت ھُو میں مشغول رہتا ہے۔ جو فقیر صاحبِ حضور ہو وہ خواب و خیال میں گم نہیں رہتا بلکہ وہ دائمی صاحبِ وصال ہوتا ہے جو تفکر اور جمال میں مشغول رہتا ہے۔

حدیث:

تَفَكُّرُ السَّاعَةِ خَيْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ الثَّقَلَيْنِ

ترجمہ: گھڑی بھر کا تفکر دونوں جہان کی عبادت سے بہتر ہے۔

اس گھڑی میں سالہا سال پلک جھپکنے میں گزر جاتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

تَفَكَّرُوْا فِيْ نِعْمَائِهٖ وَلَا تَفَكَّرُوْا فِيْ ذَاتِهٖ

ترجمہ: اس کی نعمتوں میں تفکر کرو اور اس کی ذات میں تفکر نہ کرو۔

اسم اللہ ذات کے ذکر سے افضل کوئی بھی نعمت نہیں۔ جس شخص کو نماز میں یا ذکر و فکر میں خطرات درپیش ہوں تو یقین جانو کہ ابھی تک اس کے دل میں دنیا کی طلب ہے اور وہ مولیٰ کا طالب نہیں ہے۔ مرشد وہ ہے جو سب سے پہلے طالب کو خطرات سے بچا کر ذات تک پہنچا دے۔ ذات فرشتہ کی مثل ہے، خطرات کتے کی مثل ہیں اور دل گھر کی مثل ہے۔ حدیثِ مبارکہ ہے:

لَا يَدْخُلُ الْمَلٰٓئِكَةُ فِيْ بَيْتٍ فِيْهِ الْكَلْبِ

ترجمہ: جس گھر میں کتا ہو اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔

لہٰذا (ذکر کے ساتھ) تفکر بھی کرنا چاہیے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

لَذَّةُ الْاَفْكَارِ خَيْرٌ مِّنْ لَذَّةِ الْاَذْكَارِ

ترجمہ: افکار کی لذت اذکار کی لذت سے بہتر ہے۔

ذِکْرٌ بِلَا فِکْرٍ کَصَوْتِ الْکَلْبِ

ترجمہ: تفکر کے بغیر ذکر کرنا گویا کتے کا بھونکنا ہے۔

ذکر کے دوران سانس روکنا یا حبسِ دل کرنا کفار کا طریقہ ہے اور نامرد لوگ ایسا کام کرتے ہیں۔ اس طریقہ سے دور اور بیزار رہو۔ جو مرشد خود ریاضت کی مشقت میں مبتلا ہو وہ خزائنِ الٰہی سے بے خبر ہوتا ہے۔ باطن کی ریاضت اور اس کی طلب اور چیز ہے کیونکہ ایسے لوگ بیشک عوام کے سامنے ہوا میں اُڑ رہے ہوں لیکن اللہ کے نزدیک وہ محروم ہوتے ہیں، اسی طرح عوام کے نزدیک وہ سیر ہوتے ہیں لیکن اللہ کے نزدیک وہ تشنہ ہوتے ہیں۔

ابیات:

با دوست کنج فقر بہشت است و بوستان

بی دوست خاک برسر جاہ و تونگری

ترجمہ: دوست کے ساتھ فقر کا گوشہ بھی باغ اور جنت کی مثل ہے جبکہ دوست کے بغیر جاہ وعزت اور امیری بھی خاک کی مثل ہوتی ہے۔

تا دوست درکنار نباشد بکام دل

از ہیچ نعمتی مزہ نیابد کہ می خوری

ترجمہ: جب تک دل کی آرزو کے مطابق دوست ہمراہ نہ ہو تو کوئی بھی نعمت مزہ نہیں دیتی۔

از دل برون کنم غم دنیا و آخرت

یا خانہ جای رخت بود یا خیال دوست

ترجمہ: میں نے اپنے دل سے دنیا و آخرت کے غم کو نکال دیا ہے کیونکہ گھر میں یا سامان رکھا جا سکتا ہے یا خیالِ دوست۔

کامل مرشد اور اس کے طالب کو کوئی بھی شخص، گناہ یا نفس و شیطان گمراہ نہیں کر سکتے جیسا کہ سورۃ کہف میں واقعہ بیان ہوا ہے کہ ایک عمل حضرت موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک گناہ تھا جبکہ حضرت خضر علیہ السلام کے مطابق عین ثواب تھا۔ فقرا کے متعلق بدگمانی رکھنا ایمان کو ضائع کر دیتا ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

ظَنُّ الْمُؤْمِنِيْنَ خَيْرًا

ترجمہ: مومنین خیر کا گمان رکھتے ہیں۔

جو حرف دوست (اللہ) تک لے جائے وہ کسی کتاب یا ادھر اُدھر سے نہیں ملتا کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کا خطاب ہے۔ الف لام میم کی طرح وہ ایک حرف ہے جو لوح پر لکھا ہوا ہے۔ مرشد کامل صاحبِ نظر ہوتا ہے جو اپنے طالبوں کو دیدارِ الٰہی کی شراب پلاتا ہے اور طالبانِ مولیٰ اللہ سے وصال پا کر دل سے اس کے شکر گزار ہوتے ہیں اور کہتے ہیں:

حَسْبِيَ اللّٰهُ (سورۃ التوبہ۔129)

ترجمہ: اللہ ہی میرے لیے کافی ہے۔

وَ كَفٰى بِاللّٰه (سورۃ الاحزاب۔39)

ترجمہ: اور اللہ کافی ہے۔

جاننا چاہیے کہ کشف و کرامات اور کشف القلوب یہ سب ناسوتی مقامات ہیں اور ان کا طالب بھی مقامِ ناسوت تک (محدود) رہتا ہے۔ فقر میں یہ ابتدائی مقام ہے گویا واصلین کے لیے یہ وقت کا ضیاع ہے کیونکہ وہ اللہ کے سوا کسی شے سے راضی نہیں ہوتے۔

حدیث:

اَغْمِضْ عَيْنَيْكَ وَ اسْمَعْ فِيْ قَلْبِكَ يَا عَلِيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

ترجمہ: اے علیؓ! اپنی آنکھیں بند کرو اور اپنے دل میں لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سنو۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا اقرار روزِ الست لیا گیا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود اور موجود نہیں۔ پس کسی دوسرے سے امید رکھنا، سوال کرنا، اپنی حاجت روائی کے لیے رجوع کرنا اور کسی دوسرے سے خوفزدہ ہونا کفر و شرک کا باعث ہے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنا اور ہے، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سننا اور ہے، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا مصداق ہو جانا اور ہے۔ اگر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی تاثیر زمین پر اثر انداز ہو تو اس کی جلالیت کے باعث ہر شے جل کر نابود ہو جائے۔

حدیثِ مبارکہ ہے:

كُلُّ الْعَالَمِيْنَ اَمْوَاتٌ اِلَّا الْعَامِلِيْنَ وَ كُلُّ الْعَامِلِيْنَ اَمْوَاتٌ اِلَّا الْخَائِفِيْنَ وَ كُلُّ الْخَائِفِيْنَ اَمْوَاتٌ اِلَّا الْمُخْلِصِيْنَ

ترجمہ: تمام عالم مردہ ہیں سوائے عمل کرنے والوں کے، تمام عمل کرنے والے مردہ ہیں سوائے خوفزدہ رہنے والوں کے اور تمام خوفزدہ رہنے والے مردہ ہیں سوائے مخلصین کے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے اقرار کے لیے صدق ہونا ضروری ہے۔ عاملین اور کفار اگر زبان سے اس کا اقرار کریں لیکن انہیں تصدیقِ قلب حاصل نہ ہو تو کچھ فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ جو غیب الغیب کا جاننے والا ہے اس کے نزدیک بھی دل کی اہمیت ہے۔ سب سے پہلے آدمی کی تحقیق کرنی چاہیے۔ یہ نہ ہو کہ اس کی ظاہری صورت تو آدمی جیسی لیکن باطنی طور پر وہ حیوانوں کی طرح ہو۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

مَنْ اَحَبَّ قَوْمًا فَهُوَ مِنْهُ

ترجمہ: جو شخص جس کسی قوم سے محبت رکھتا ہے وہ انہی میں سے ہوتا ہے۔

آدمی وہ ہے جس کے دل میں حبِ مولیٰ ہو اگر کوئی اس بات کو سمجھے تو! فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ O (سورۃ البقرہ۔260)

ترجمہ: اور جب ابراہیمؑ نے عرض کی اے ربّ! مجھے دکھا کہ تو مردوں کو کیسے زندہ کرے گا۔ (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا کیا تمہیں اس بات پر یقین نہیں؟ (ابراہیمؑ نے) عرض کی کیوں نہیں لیکن میں بس اپنے اطمینانِ قلب کے لیے ایسا چاہتا ہوں۔ (اللہ نے) فرمایا چار پرندے لو اور انہیں اپنے ساتھ مانوس کرلو اور پھر (انہیں ذبح کرکے) ان کا ایک ایک ٹکڑا ایک ایک پہاڑ پر رکھ دو اور انہیں بلاؤ پس وہ دوڑتے ہوئے تمہارے پاس آئیں گے اور جان لو کہ بے شک اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہے۔

جان لو کہ فقر سونا و چاندی کی مثل ہے اور علما کا علم سنار کی کسوٹی کی مثل ہے۔ جو عالم دل و جان سے علم کو اختیار کرتا ہے وہ بلندی پر جاتا ہے۔ علما کی بلندی سے کیا مراد ہے؟ کہ اُس عالم میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اوصاف پیدا ہو جائیں، وہ نفس اور دنیاوی امور پر غالب آجائے اور بدبختی، طمع اور شیطان کو مسترد کردے۔ علم اُسے کہتے ہیں جس سے معرفتِ الٰہی حاصل ہو جائے اور اللہ تک پہنچا دے۔ جان لو کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں کسی جگہ بھی دنیا کو عزت نہیں دی۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۝ (سورۃ الشعراء۔89-88)

ترجمہ: اس دن نہ کوئی مال نفع دے گا نہ اولاد۔ مگر وہی شخص (نفع مند ہوگا) جو اللہ کی بارگاہ میں قلبِ سلیم کے ساتھ حاضر ہوگا۔

اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ (سورۃ المائدہ۔54)

ترجمہ: وہ مومنوں پر نرم (اور) کافروں پر سخت ہوں گے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

اَلدُّنْيَا مَزْرَعَةُ الْاٰخِرَةِ

ترجمہ: دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

اصل زندگی وہ ہے جو نیک اعمال پر مبنی ہو۔ جس طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس دنیاوی مال نہیں تھا بلکہ ان کے پاس آخرت کی کھیتی تھی۔ کھیتی سے مراد یہ ہے کہ اس وجود کے ساتھ آخرت کے سفر کی تیاری کی جائے۔ جس دل میں دنیاداروں کی محبت ہو لیکن اللہ کی محبت نہ ہو تو اس دل سے آتشِ دوزخ پیدا ہوگی جس کی علامت حرص ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

حُبُّ الدُّنْیَا وَ الدِّیْنِ لَا یَسعَانِ فِیْ قَلْبٍ وَاحِدٍ کَالْمَاءِ وَ النَّارِ فِیْ اِنَآءٍ وَاحِدٍ

ترجمہ: دنیا اور دین کی محبت قلبِ واحد میں نہیں سما سکتی جس طرح پانی اور آگ ایک برتن میں نہیں جمع ہو سکتے۔

فقر دو قسم کا ہے ایک وہ جو اللہ کا وصال عطا کرتا ہے اور دوسرا وہ جو راہ سے پلٹا دیتا ہے۔ جو سالک راہ سے پلٹ جائیں وہ محتاج ہوتے ہیں جبکہ فقر لایحتاج بنا دیتا ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

اَلْفَقْرُ لَا یُحْتَاجُ اِلَّا اِلَی اللّٰہِ

ترجمہ: فقر اللہ کے سوا کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔

بلکہ اس کی ہر حاجت وہ ذات (اللہ) ہے۔ حدیثِ مبارکہ ہے:

نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ فَقْرِ الْمُکِبِّ

ترجمہ: میں فقرِ مکب[1] سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

فقر سے مراد ہے:

یُحِبُّھُمْ وَ یُحِبُّوْنَہٗ (سورۃ المائدہ-54)

ترجمہ: اللہ ان سے محبت کرتا ہے اور وہ اللہ سے محبت کرتے ہیں۔

مقامِ فقر یہ ہے:

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَ رَضُوْا عَنْہُ (سورۃ البینہ-8)

---

[1] منہ کے بل گرانے والے فقر یعنی فقر اضطراری

ترجمہ: اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے۔

حدیثِ قدسی ہے:

طَالِبُ الدُّنْیَا مُخَنَّثٌ وَ طَالِبُ الْعُقْبٰی مُؤَنَّثٌ وَ طَالِبُ الْمَوْلٰی مُذَکَّرٌ

ترجمہ: طالبِ دنیا مخنث ہے، طالبِ عقبیٰ مؤنث ہے اور طالبِ مولیٰ مذکر ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (سورۃ النجم۔17)

ترجمہ: نگاہ نہ بہکی نہ حد سے بڑھی۔

جس ریاضت سے مشاہدۂ حق حاصل نہ ہو اور نہ ہی روز بروز راہِ حق کے درجات و مقامات میں ترقی اور انبیا، اولیا اور اصفیا کی مجلس تک رسائی حاصل ہو رہی ہو تو اسے ریاضت نہیں کہا جا سکتا بلکہ وہ راہزن ہے جو تمام عمر ضائع کر دیتی ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

اَلسُّکُوْتُ حَرَامٌ عَلٰی قُلُوْبِ الْاَوْلِیَآءِ

ترجمہ: اولیا کے قلوب پر سکوت حرام ہے۔

علمِ قیل و قال مطلق دردِ سر ہے اور اس کا حامل نامرد ہوتا ہے جبکہ ذکر اور عشق کی تیغ سے نفس کے خلاف جہاد کرتے ہوئے اسے مارنا فقر اور جوانمردی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

رَجَعْنَا مِنْ جِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلٰی جِهَادِ الْاَکْبَرِ

ترجمہ: ہم جہادِ اصغر سے جہادِ اکبر کی طرف لوٹ رہے ہیں۔

ابیات:

آن را کہ قضا ز خیل عشاق نوشت
آزاد مسجد است فارغ از کنشت

ترجمہ: جس کی موت عشاق کے گروہ میں لکھی ہو وہ مسجد اور مندر سے آزاد اور فارغ ہوتا ہے۔

دیوانۂ عشق را چہ ہجران چہ وصال

از خویش گوشہ را چہ دوزخ چہ بہشت

ترجمہ: عشق میں مست حال شخص کے لیے کیا ہجر اور کیا وصال! اس کی تنہائی میں اس کے لیے دوزخ اور جنت برابر ہیں۔

اجازت کا ایک حرف ہزار حروف سے بہتر ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

اَلْمُرِیْدُ لَا یُرِیْدُ

ترجمہ: مرید لا یرید ہوتا ہے۔

طالب کو رابعہ بصریؒ اور بایزید بسطامیؒ کی مثل ہونا چاہیے۔ حدیث مبارکہ ہے:

اِذَا تَمَّ الْفَقْرُ فَهُوَ اللّٰه

ترجمہ: جب فقر مکمل ہوتا ہے پس وہی اللہ ہے۔

یہ مراتب ہر چیز سے منفرد ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَاللّٰهُ الْغَنِیُّ وَ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ (سورۃ محمد۔38)

ترجمہ: اور اللہ غنی ہے تم سب محتاج ہو۔

یا پھر اس کا مرتبہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے مطابق ہوتا ہے:

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (سورۃ البقرہ۔20)

ترجمہ: بیشک اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

فقیر مالک الملکی ہوتی ہے اور اس کے دل سے خطرات نکل چکے ہوتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِحُضُوْرِ الْقَلْبِ

ترجمہ: حضورِ قلب کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

بیت:

در وجود نفس پلید جامہ پاک چہ سود
در دل ہمہ شرک سجدہ بر خاک چہ سود

ترجمہ: اگر وجود میں نفس پلید ہو تو پاک لباس پہننے کا کیا فائدہ! دل میں اگر غیر ماسویٰ اللہ ہو تو خاک پر سجدہ کرنے کا کیا فائدہ!

اہلِ بدعت و گمراہ کا ہمنشین مت ہو۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

اِسْمُ اللّٰہِ شَیْئٌ طَاہِرٌ لَا یَسْتَقِرُّ اِلَّا بِمَکَانٍ طَاہِرٍ لَا یَدْخُلُ فِی النَّجَاسَۃِ

ترجمہ: اسمِ اللّٰہ پاک ہے اور پاک جگہ پر ہی قرار پکڑتا ہے۔ یہ نجاست میں داخل نہیں ہوسکتا۔

طالب کو چاہیے کہ سب سے پہلے کامل مرشد کی طلب کرے۔ کامل مرشد کی کیا نشانی ہے؟ اس کی شان کُنْ فَیَکُوْن ہے۔ ناقص مرشد کے ہاتھ میں ہاتھ دینا طالب کے لیے بے فائدہ ہے۔ کامل مرشد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مثل ہوتا ہے جبکہ ناقص مرشد شیطان کی طرح ہوتا ہے جو راہزن بن کر طالبوں کی عمر ضائع اور برباد کر دیتا ہے۔

ابیات:

گر بخواہی وحدتش با ہر مقام
دست بیعت گیر از فقیر شو غلام

ترجمہ: اگر تو وحدتِ الٰہی کا ہر مقام حاصل کرنا چاہتا ہے تو کسی فقیر کے ہاتھ پر بیعت ہو کر اس کی غلامی اختیار کر لے۔

شد غلامش ہر کہ او را راہِ اُو
ز عرش بالا گشت منزل جاہ اُو

ترجمہ: جو کسی فقیر کی غلامی اختیار کر کے اس کی راہ پر چلے تو وہ عرش سے بھی بالاتر عظیم مقام پر پہنچ جاتا ہے۔

شو فقیر، شو فقیر، شو فقیر
دست گیر عاجزان دست گیر

ترجمہ: فقیر بن جا، فقیر بن جا اور فقیر بن کر عاجزوں کی دستگیری کر۔

باھُوؒ بد بر دوزخ نباشد ہیچ چیز
با فقیر فی اللہ بشنو ای جان عزیز

ترجمہ: اے باھُوؒ! دوزخ سے بدتر کوئی بھی چیز نہیں۔ اے جانِ عزیز! (خود کو دوزخ سے محفوظ رکھنے کے لیے) فقیر کی کرم نوازی سے فنا فی اللہ ہو جا۔

بخوش شما زاہد بخوش تسبیح ثنا
عالم فاضل بخوش مطالعہ و قضا

ترجمہ: اے زاہد! تو تسبیح وثنا سے خوش ہوتا ہے جبکہ عالم فاضل مسائل ومطالعہ میں خوش رہتے ہیں۔ عاشق اللہ کی رضا میں خوش ہوتا ہے اور فقیر نفس کو فنا کر کے خوشی حاصل کرتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

عَفِیْكَ تَعَالٰی

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تمہاری بخشش فرمائے۔

اگر تو فقر پر قدم رکھنا چاہتا ہے تو فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ یعنی ''دوڑو اللہ کی طرف'' پڑھ۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ (سورۃ آلِ عمران۔92)

ترجمہ: تم تب تک بھلائی نہیں پا سکتے جب تک اپنی محبوب چیز (راہِ خدا میں) خرچ نہ کرو۔

اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کو دل و جان سے جان لو کہ:

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُھَا (سورۃ ھود۔6)

ترجمہ: اور زمین پر کوئی جاندار ایسا نہیں جس کی روزی کا ذمہ اللہ پر نہ ہو۔

حدیثِ مبارکہ ہے:

مَنْ لَہُ الْمَوْلٰی فَلَہُ الْکُلُّ

ترجمہ: جسے اللہ مل گیا اسے سب کچھ مل گیا۔

اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔

فقر وحدانیتِ ربّانی کا سمندر ہے۔ اس میں غوطہ لگانے والے یا تو اس کے خزانوں سے موتی حاصل کرتے ہیں یا پھر اس کی تلاطم خیز موجوں کے باعث فنا ہو جاتے ہیں۔ اس لیے عارف بننا چاہیے۔ عارف کون ہوتا ہے؟ عارف خس کی مثل پانی پر نہیں تیرتا یا مکھی کی مثل ہوا میں نہیں اُڑتا بلکہ ازل و ابد کی حقیقت اور جو کچھ بھی دنیا میں ہے وہ سب عارف سے مخفی نہیں ہوتا۔

عارفوں کی چند اقسام ہیں۔ عارفِ شریعت اور ہیں، عارفِ طریقت اور ہیں، عارفِ حقیقت اور ہیں اور عارفِ معرفت اور ہیں، اسی طرح فقیر فنا فی اللہ بقا باللہ عارف اور ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

مَنْ عَرَفَ رَبَّہٗ فَقَدْ کَلَّ لِسَانُہٗ

ترجمہ: جو اپنے ربّ کو پہچان لیتا ہے پس تحقیق اس کی زبان گونگی ہو جاتی ہے۔

مَنْ عَرَفَ رَبَّہٗ فَقَدْ طَالَ لِسَانُہٗ

ترجمہ: جو اپنے ربّ کو پہچان لیتا ہے پس تحقیق اس کی زبان لمبی ہو جاتی ہے۔

بعض روح کے عارف ہوتے ہیں اور بعض نفس کے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ

ترجمہ: جو اپنے نفس کو پہچان لیتا ہے پس تحقیق وہ اپنے ربّ کو پہچان لیتا ہے۔

بعض شیطان کے عارف ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

یٰبَنِیۡۤ اٰدَمَ اَنۡ لَّا تَعۡبُدُوا الشَّیۡطٰنَ ۚ اِنَّہٗ لَکُمۡ عَدُوٌّ مُّبِیۡنٌ ۝ (سورۃ یٰسین۔60)

ترجمہ: اے بنی آدم! تم شیطان کی پیروی نہ کرو بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

بعض قلب کے، بعض جسم کے اور بعض دنیا فانی کے عارف ہوتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

تَرْکُ الدُّنْیَا رَاْسُ کُلِّ عِبَادَۃٍ وَ حُبُّ الدُّنْیَا رَاْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ

ترجمہ: ترکِ دنیا ہر عبادت کی بنیاد اور حبِ دنیا ہر برائی کی بنیاد ہے۔

بعض فنا فی اللہ فقیر ہوتے ہیں جو سرِّ ربانی کے عارف ہیں۔ حدیثِ قدسی ہے:

اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَ اَنَا سِرُّہٗ

ترجمہ: انسان میرا راز ہے اور میں انسان کا راز ہوں۔

جان لو کہ فقیر صاحبِ مسمّٰی اسمِ اللّٰہ ذات اور صاحبِ معّٰی ہوتا ہے جو اہلِ علم، قاری اور اہلِ تصوف کی نسبت اللہ کی راہ سے زیادہ آگاہ ہوتا ہے۔ طالبِ دنیا کا چہرہ دیکھنا گناہ ہے۔ مجذوب طالب اور ہے، محبوب طالب اور ہے، مجوب طالب اور ہے۔ راہِ فقر مجذوب سالک یا سالک مجذوب کی راہ نہیں ہے۔ فقر شان و شوکت کے مراتب سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی ایک نگاہِ رحمت سے حاصل ہوتا ہے۔ علما قول و فعل میں مشغول ہوتے ہیں جبکہ فقیر دم اور قدم میں، یعنی اس کا ہر سانس توحیدِ باری تعالیٰ میں مشغول ہوتا ہے اور اس کا ہر قدم شریعت کے عین مطابق اور حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام کی متابعت میں اُٹھتا ہے۔ اس لیے فقیر صراف کی مثل، شریعت کسوٹی کی مثل اور فقر سونا و چاندی کی مثل ہے۔ پس فقیر کی بارگاہ میں کھرے اور کھوٹے کی تحقیق ہو جاتی ہے۔ علمِ شریعت کسے کہتے ہیں؟ علم وہ ہے جس کی بدولت حق معلوم ہو جائے اور باطل معدوم۔ شریعت وہ ہے جو نفس و

شیطان کے شر سے نجات دلا دے اور معرفت کے امور میں مشغول کر دے۔ طریقت سے کیا چیز حاصل ہوتی ہے؟ طالب دنیا اور اہلِ دنیا کو طلاق دے دیتا ہے کیونکہ قرآن میں کسی بھی جگہ دنیا کا ذکر عزت سے نہیں کیا گیا۔

جو شخص دینِ محمدیؐ سے برگشتہ ہو جائے اور لذتِ نفس اور دنیا و شیطان میں مشغول ہو کر دینِ محمدیؐ کو پسِ پشت ڈال دے تو ایسے درویش، فقیر اور مرشد پر اعتبار نہیں کرنا چاہیے کہ جو خود خوابیدہ ہو وہ دوسرے خوابیدہ کو کیسے بیدار کر سکتا ہے! وہ اس لیے کہ ایسا شخص بد بخت، لالچی، بیقرار اور محتاج ہوتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ فَقْرِ الْمُکِبِّ

ترجمہ: میں فقرِ مکب (فقرِ اضطراری) سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

فقر تو دونوں جہان سے بے نیاز اور لایحتاج ہوتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ اَلْفَقْرُ لَا یُحْتَاجُ اِلَّا اِلَی اللّٰہِ

ترجمہ: فقر اللہ کے سوا کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔

تصوف کیا ہے؟ تصوف اللہ تعالیٰ کے خاص کلام کو کہتے ہیں۔ صاحبِ تصوف کون ہوتا ہے؟ صاحبِ تصوف وہ ہے کہ جس کی ہر بات الہام کی بدولت اللہ کا کلام ہو اور وہ ہمیشہ اللہ کے ساتھ رہتا ہو۔ سلوک کیا ہے اور صاحبِ سلوک کسے کہتے ہیں؟ صاحبِ سلوک وہ ہے جو قلبِ سلیم کا حامل ہو اور سلوک ہمیشہ باطن میں مشغول رہنے کو کہتے ہیں۔ اس مرتبہ پر طالب کے لیے کھانا مجاہدہ اور نیند مشاہدہ ہوتی ہے۔

بیت:

باھُوؒ بخواب خوردن مرا دائم وصال
این چنین فیض فقرش لازوال

ترجمہ: اے باھُوؒ! مجھے فقر کا ایسا لازوال فیض حاصل ہے کہ میرا کھانا اور سونا مجھے دائمی وصال سے ہمکنار کر دیتا ہے۔

فقیر کا پیٹ تنور، اس کا کھانا نور اور اس کی نیند حضوری کی مثل ہے۔ سن اے زاہد اور بہشت کی خاطر مزدوری کرنے والے! مردانِ خدا کھانا تو اِس جہان (دنیا) کا کھاتے ہیں لیکن کام اُس جہان (آخرت) کے کرتے ہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ (سورۃ الحجرات۔13)

ترجمہ: بیشک تم میں سے اللہ کے نزدیک عزت والا وہی ہے جو تم میں سب سے زیادہ متقی ہے۔

فقیر کی ایک نگاہ جس سے فقرِ عطا ہو اس نگاہ کا حاصل ہونا سالہا سال ریاضت کرنے سے بہتر ہے۔ علم پڑھنا سراسر دردِ سر ہے اور نفس کو تیغ ذکر اور مجاہدہ سے مارنا جوانمردی ہے۔ علم سے احکامات معلوم ہوتے ہیں جبکہ نفس کو مارنے سے جہاد میں فتح حاصل ہوتی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

رَجَعْنَا مِنْ جِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلٰى جِهَادِ الْاَكْبَرِ

ترجمہ: ہم جہادِ اصغر سے جہادِ اکبر کی طرف لوٹ رہے ہیں۔

فقہا اور غازی کے بیان میں فرق ہوتا ہے۔ فقیر وہی ہوتا ہے جو اپنے نفس کا محاسبہ بھی کرتا ہے اور طالبانِ مولیٰ کا بھی۔

علم کیا ہے اور فقر کیا ہے؟ علم چراغِ دین ہے اور فقر آفتابِ دین ہے۔ چراغ کو کیا قدرت کہ آفتاب کے سامنے روشن رہ سکے۔ جو علما عامل ہوں وہی فقیر بنتے ہیں۔ دنیا، نفس، شیطان اور فقر کی کامل حقیقت کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ یا پھر وہ جانتا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کے فیض کی عطا ہو اور وہ اللہ تعالیٰ کی ذات میں مشغول رہتا ہو۔ پس دوزخ کی آگ تین طرح کے لوگوں کی شہ رگ سے بھی نزدیک ہے اوّل وہ جو اہلِ علم ہونے کے باوجود گناہ

کرے اور اس پر قائم رہے، دوم وہ جو یتیموں پر ظلم کرے اور خدا سے نہ ڈرے، سوم وہ جاہل جو علمی گفتگو پر کان نہ دھرے، مرغن کھانا کھائے، بہترین لباس پہنے اور اپنی شہرت کے لیے سرگردان رہے۔

فقر میں چار منازل ہیں اور ہر منزل پر ایک راہزن مقرر ہے۔ منزلِ شریعت پر شیطان دشمن ہے، منزلِ طریقت پر نفس دشمن ہے، منزلِ حقیقت پر دوزخ دشمن ہے اور منزلِ معرفت پر جنت دشمن ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (سورۃ النجم۔17)

ترجمہ: نگاہ نہ بہکی نہ حد سے بڑھی۔

ان لوگوں پر افسوس صد افسوس! جو دوسروں کو تو نصیحت کرتے ہیں لیکن خود اللہ سے علیحدہ رہتے ہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ تَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَ اَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ O (سورۃ البقرہ۔44)

ترجمہ: کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور خود کو بھول جاتے ہو حالانکہ تم (اللہ کی) کتاب پڑھتے ہو، تو کیا تم سوچتے نہیں؟

بیت:

باھُوؒ راہ چون شاہ است ہر شہسوار
نفس مرکب را برد بر ہر دیار

ترجمہ: اے باھُوؒ! شاہ یعنی اللہ کی راہ پر ایک شاہسوار کی مثل چل، اس کے لیے اپنے نفس کو سواری بنا اور اس کی بدولت ہر مقام طے کر۔

اپنی صفات سے گزر کر ہی ذات تک پہنچا جا سکتا ہے۔

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ يُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ (سورۃ الروم۔19)

ترجمہ: وہی مردہ سے زندہ کو نکالتا ہے اور زندہ سے مردہ کو نکالتا ہے۔

اَلشَّيْخُ يُحْيِي وَ يُمِيْتُ يُحْيِي الْقَلْبَ وَ يُمِيْتُ النَّفْسَ ط يُحْيِي النَّفْسَ يُمِيْتُ الْقَلْبَ

ترجمہ: شیخ زندہ کرتا اور مارتا ہے۔ وہ قلب کو زندہ کرتا اور نفس کو مارتا ہے۔ وہ نفس کو زندہ کرتا اور قلب کو مارتا ہے۔

یعنی قلب کو سلب کر لیتا ہے۔ دونوں امور اس کے اختیار میں ہیں۔ صاحبِ تصرف مرشد تصور کے وسیلہ سے عارف باللہ بنا دیتا ہے جس سے طالب دریائے مشاہدہ میں غرق رہتا ہے۔ جیسا کہ حضرت نوح علیہ السلام پر عین طوفان کے دوران یہ فرض کر دیا گیا کہ جو نیکیوں کا مالک بنتا ہے وہی کامل ہوتا ہے۔ اس کے جواب میں باھُوؒ فرماتے ہیں:

گشت فی اللہ غرق وحدت در قضای کبریا

ترجمہ: میں حکمِ کبریا کے مطابق وحدت میں غرق ہو گیا اور فنا فی اللہ کا مرتبہ پا لیا۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) اس کے بندے اور رسول ہیں۔

اللہ تعالیٰ بندگی کے تناظر میں پانچ قسم کے لوگوں پر پانچ لوگوں کو بطور حجت پیش کرے گا، غلاموں پر حجت کے لیے حضرت یوسف علیہ السلام، بیماروں پر حجت کے لیے حضرت ایوب علیہ السلام، امیروں پر حجت کے لیے خلیفۃ اللہ حضرت سلیمان علیہ السلام، درویشوں پر حجت کے لیے حضرت عیسیٰ روح اللہ اور فقرا و علما پر حجت کے لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

بیت:

دم را نگاہ دار کہ عالم دمیست
دم پیش دانا بہ از عالمیست

ترجمہ: اپنی سانسوں کی نگہبانی کر کیونکہ یہ تمام عالم ایک سانس کی مثل ہے۔ایک دانا کے لیے اس کے سانس اس عالم سے بہتر ہیں۔

جواب فقیر باھُوؒ

دم را حیاتی نباشد مدام
فقر گشت فی اللہ بدم را چہ نام

ترجمہ: سانسوں کو دائمی حیات حاصل نہیں۔فقر فنا فی اللہ ہے اس لیے دائمی ہے۔اس کے سامنے سانس کی کیا اہمیت!

جس وقت سانسیں اور قدم نامحرم ہوں تاہم فقر کا ظہور ہونے پر یکتا ہو جائیں تو نور کے ساتھ مل کر نور بن جاتے ہیں۔اس مقام پر ذکر فکر بہت زیادہ ذوق وشوق پیدا کر دیتے ہیں۔غرق فنا فی اللہ کی منزل اور قرب، حضوری اور وصال کے اعلیٰ مراتب ذکر سے حاصل ہوتے ہیں۔وہ فقیر فائق تر ہے جو غرقِ حق کے سوا دوسری کوئی شے طلب نہیں کرتا۔ان ظاہر پرست لوگوں پر حیرت ہے جو خود کو ذکرِ جہر اور ذکرِ خفی کرنے والا کہتے ہیں لیکن وہ جھوٹے ہیں اور ان کا دعویٰ غلط ہے۔ذکر کی علامت یہ ہے کہ یہ ذاکر کو بیقرار رکھتا ہے۔جو اخلاص کے ساتھ یہ خاص ذکرِ اللہ کرتا ہے تو وہ ذاکر ہمیشہ دریائے وحدت میں مکمل طور پر غرق رہتا ہے اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں پہنچ جاتا ہے، اسے حقیقی ذکر کہتے ہیں۔اگر ذاکر ایک مہینے میں دو لاکھ دو ہزار مرتبہ ذکر کرے وہ بھی اس طرح کہ اس کے قلب، گوشت پوست اور ہر بال کو زبان مل جائے اور وہ بلند آواز میں اسمِ اللہ کا ذکر کریں لیکن اگر ذاکر کو حضوری حاصل نہ ہو تو اس کا یہ ذکر بے فائدہ ہے۔اگر وہ خود سے بے خود ہو جائے اور لوگ اسے دیوانہ اور مست سمجھیں، ذکر کے باعث اس پر لرزہ طاری ہو جائے اور اس کے اعضا میں حرارت پیدا ہو تو یہ طالب کے خام ہونے کی نشانی ہے جو طریقت کے ابتدائی مراحل میں پھنس چکا ہوتا ہے اور راہِ فقر پر نامکمل رہتا ہے۔

بیت:

بکش خویش تر کار تو پیش پیشتر
راہ ہنوز انسان عارف باللہ ای گاوٗ خر

ترجمہ: اگر تیری منزل انتہا تک پہنچنا ہے تو خود کو ختم کر لے (یعنی اپنی نفسانی خواہشات کو ختم کر دے) تب تو انسان اور عارف باللہ بنے گا ورنہ تو حیوان ہی رہے گا۔

اے باصفا درویش سن! درویش ہی رہنا چاہیے نہ کہ مال و دولت کا متلاشی جو نہ صرف اسلام بلکہ خود کو بھی اس کی خاطر فروخت کر دیتا ہے۔ یہ سراسر کفر ہے۔

بیت:

باھُوؒ ز شہرگ نزدیک یابم یار
اگر برای از خود و از چون چرا

ترجمہ: اے باھُوؒ! میں نے شہ رگ سے بھی نزدیک یار کو پا لیا ہے۔ اگر کوئی اس ذات کو پانا چاہتا ہے تو اسے اپنی ذات اور چون و چرا سے نجات حاصل کرنی ہوگی۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَ نَحۡنُ اَقۡرَبُ اِلَیۡہِ مِنۡ حَبۡلِ الۡوَرِیۡدِ (سورۃ ق۔16)

ترجمہ: اور ہم تو اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں۔

خود پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا اثبات کرو، خود کو اس میں محو کر لو اور زبان و دل سے اس کا اقرار کرو جیسا کہ کہا گیا ہے:

اِقۡرَارٌ بِاللِّسَانِ وَ تَصۡدِیۡقٌ بِالۡقَلۡبِ

ترجمہ: زبان سے اقرار کرو اور قلب سے اس کی تصدیق کرو۔

پس روزِ ازل اللہ تعالیٰ کا اقرار کیا گیا تھا، اگر اس اقرار پر بے یقینی ہو جائے تو یہ کفر و شرک کا

موجب ہے۔ اللہ نے ہم پر لازم کردیا ہے:

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنۡهَرۡ ○ وَاَمَّا بِنِعۡمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثۡ ○ (سورۃ الضحیٰ۔ 11-10)

ترجمہ: اور (اپنے در کے) سائل کو انکار نہ کریں اور اپنے ربّ کی نعمتوں کا (خوب) تذکرہ کریں۔

جب فقیر بندگی اختیار کرتا ہے اور جس قدر اسے معلوم ہو اس قدر (راہِ حق پر) محنت و مشقت اور کثرت سے ورد و وظائف کرتا ہے تو وہ بہت زیادہ تقویٰ حاصل کر لیتا ہے۔ جان لو کہ جو باطن کا علم نہ رکھتا ہو وہ باطل پر ہے۔ وہ عام لوگوں جیسے کام کرتا ہے اور خواص کے اطوار سے بے خبر ہے۔

حدیثِ مبارکہ ہے:

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنۡظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمۡ وَلَا يَنۡظُرُ اِلٰى اَعۡمَالِكُمۡ وَلٰكِنۡ يَّنۡظُرُ فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ وَ نِيَّاتِكُمۡ

ترجمہ: بیشک اللہ تمہیں صورتوں کو نہیں دیکھتا اور نہ ہی تمہارے اعمال کو دیکھتا ہے بلکہ وہ تمہارے دلوں اور تمہاری نیتوں کو دیکھتا ہے۔

اللہ کی نظر دل پر ہوتی ہے نہ کہ زبان پر۔ جب تک پاس انفاس سے کیا جانے والا ذکرِ حامل جاری نہ ہو جائے تب تک نہ اعضا تابع ہوتے ہیں اور نہ نفس حکم و قید میں آتا ہے۔ تب درج ذیل مراتب حاصل ہوتے ہیں:

كُلَّ يَوۡمٍ هُوَ فِىۡ شَاۡنٍ (سورۃ الرحمٰن۔ 29)

ترجمہ: ہر روز اس کی ایک نئی شان ہوتی ہے۔

كُلُّ مَنۡ عَلَيۡهَا فَانٍ (سورۃ الرحمٰن۔ 26)

ترجمہ: جو کچھ بھی زمین پر ہے فنا ہو جانے والا ہے۔

یہ مراتب جو کہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا وسیلہ ہیں تب تک حاصل نہیں ہوتے جب تک طالب میں درج ذیل باتیں موجود نہ ہوں:

طالب کی زبان، نفس، قلب اور روح مکمل طور پر ایک ہو جائیں اور ہر ایک آدمی کی صورت اختیار کر کے طالب کے ساتھ دست مصافحہ کرے اور اپنے قول کو پورا کرے۔

ذکر کی آواز نفس کو فرحت اور روح کو جمعیت وقرار دے۔

سکر و مستی کے باعث طالب اپنے دل کے تختہ دار پر دونوں جہان قربان کر دے۔

قابَ قوسین جو کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا راز، مقامِ فردانیت اور دوستی کا شرف ہے' تک پہنچے۔

اٹھارہ ہزار عالم کا نظارہ دیکھے۔

تمام انبیا، اصفیا، اولیا اور مرشدین کی ارواح سے ملاقات کرے۔

حق الیقین سے یکتائی کی لذت کا شربت پیے۔

اللہ کا عہد پورا کرے اور نفس کی خامیوں سے آگاہ ہو۔

فنا فی اللہ بقا باللہ کا مرتبہ پالے جس کے متعلق فرمایا گیا:

وَ مَنْ اَرَادَ الْعِبَادَةَ بَعْدَ الْحُصُوْلِ الْوُصُوْلِ فَقَدْ كَفَرَ وَ اَشْرَكَ بِاللّٰهِ تَعَالٰی

(الرسالۃ الغوثیہ)

ترجمہ: جس نے حصولِ وصال کے بعد عبادت کا ارادہ کیا پس اس نے اللہ کے ساتھ کفر وشرک کیا۔

اور طالب تب تک لازوال فقر حاصل نہیں کر سکتا جب تک ہر گناہ کو اپنے دل سے ترک نہیں کر دیتا۔ جن کے دلوں میں خباثت ہے ان کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ (سورۃ الاعراف۔40)

ترجمہ: اور وہ جنت میں داخل نہیں ہو سکیں گے یہاں تک کہ سوئی کے سوراخ میں اونٹ داخل ہو جائے (یعنی ان کا جنت میں داخلہ ایسے ہی ناممکن ہے جیسے اونٹ کا سوراخ میں سے گزرنا)۔

اے مومن! قلب اللہ تعالیٰ کا عرش ہے جس کے متعلق فرمان ہے:

اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى (سورۃ طٰہٰ۔5)

ترجمہ: وہ (اللہ تعالیٰ) رحمٰن ہے جس نے عرش پر استویٰ کیا۔

پس طالب کے احوال اس کے اللہ کے ساتھ وصال اور مشاہدہ کے گواہ بن جاتے ہیں۔ اس کی نیند عام لوگوں کی نیند کی طرح نہیں ہوتی کیونکہ جو قلب درست ہو وہ بیدار رہتا ہے۔ اچھی طرح سمجھ لو کہ فقرا کی نظر قاتل اور ان کا قہر اللہ کے جلال کا نمونہ ہوتا ہے۔ ان کا جمال اللہ کے جمال کا مظہر ہوتا ہے جو ان کے وجود سے ظاہر ہوتا ہے۔ وہ ایک نظر میں ازل کا نظارہ دیکھ سکتے ہیں۔ ان کے اور ان کے طالبوں کے پاس بہت زیادہ غذا نہیں ہوتی لیکن پھر بھی دیگر مخلوق سے زیادہ قوت رکھتے ہیں اور شر صفت نفس کے سامنے کمزور نہیں پڑتے۔ دونوں جہان کے اٹھارہ ہزار عالموں کی ہر چیز کو وہ پہچانتے اور جانتے ہیں۔ ان سے کوئی بھی چیز پوشیدہ نہیں ہوتی۔ یہ سلک سلوک خاص حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا طریقہ ہے جو انہیں معراج کی رات نصیب ہوا اور یہ طریقہ کشف و کرامات اور استدراج سے پاک ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ (سورۃ الاعراف۔182)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہم عنقریب انہیں ہلاکت کی طرف لے جائیں گے ایسے طریقے سے کہ انہیں خبر بھی نہ ہوگی۔

جان لو کہ اس رسالہ کا نام عین العارفین محک المحققین رکھا گیا ہے۔

ابیات:

شد باین تصنیف سرّ از الٰہ
در زمان محی الدینش بادشاہ

ترجمہ: یہ تصنیف محی الدین بادشاہ کے زمانہ میں لکھی گئی ہے جس میں اللہ کے اسرار بیان کیے گئے ہیں۔

اورنگ زیب عادل نام او
از طریقہ خاص نبویؐ بردہ گو

ترجمہ: اس عادل بادشاہ کا نام اورنگ زیب ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خاص طریقہ کی پیروی کرنے والا ہے۔

زاہد و عابد بترسد از خدا
محرم اسرار وحدت کبریا

ترجمہ: وہ زاہد و عابد، خدا سے ڈرنے والا اور وحدتِ کبریا کے اسرار کا محرم ہے۔

در شریعت ہم طریقت راہبر
از حقیقت معرفت صاحب نظر

ترجمہ: وہ نہ صرف شریعت اور طریقت کا راہبر ہے بلکہ راہِ حقیقت و معرفت کے اعتبار سے بھی صاحبِ نظر ہے۔

ظل اللہ ز حال بر ہم خاص و عام
تا قیامت باد او قائم مقام

ترجمہ: وہ اپنے خاص و عام احوال کی بدولت ظِل اللہ کی مانند ہے۔ اللہ اس کے مرتبہ کو تا قیامت قائم رکھے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ (سورۃ النساء۔59)

ترجمہ: اللہ کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی اطاعت کرو اور اس کی جو تم میں صاحبِ امر ہے۔

جاننا چاہیے کہ راہِ حق اسمِ اللہ کے برزخ سے طے ہوتی ہے۔ اس کا کسی ذکر فکر اور ریاضت سے کوئی تعلق نہیں سوائے تصور اسمِ اللہ ذات کے جو طالب کو تصرف اور حضوری عطا کرتا ہے اور فنافی اللہ بقاباللہ کا مرتبہ پا کر وہ دونوں جہان میں حیاتِ جاودانی حاصل کر لیتا ہے۔

بیت:

حیّ قیوم پیش تو قائم
تو گرفتار دیگری دائم

ترجمہ: حیّ و قیوم ذات تیرے سامنے موجود ہے لیکن تو ہمیشہ سے دوسری چیزوں کا طلبگار ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ (سورۃ الحجرات۔13)

ترجمہ: بیشک تم میں سے اللہ کے نزدیک عزت والا وہی ہے جو تم میں سب سے زیادہ متقی ہے۔

مرشد عارف باللہ جو ہمیشہ حضوری میں رہتا ہو اس کے لیے اپنے طالبوں کو بھی مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری سے مشرف کرنا کونسا مشکل کام ہے۔ جو اسمِ اللہ ذات، راہِ فقر فنا فی اللہ، حضوری اور حیاتِ نبویؐ کے متعلق شک کرتا ہے بلاشبہ وہ کافر، مردود اور مرتد ہو جاتا ہے۔ میں اس سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ہدایت کے لیے پیدا فرمایا۔ شیطان خود کو ہادی نہیں کہلوا سکتا نہ ہی شیطان سے کوئی ہدایت پا سکتا ہے۔ اسی طرح تلاوتِ قرآن، ذکر اور نماز جو کہ اسلام کی بنیاد ہیں، شیطان ان کی راہ نہیں دکھا سکتا۔ حدیثِ مبارکہ ہے:

مَنْ رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَ الْحَقَّ اِنَّ الشَّیْطٰنَ لَا یَتَمَثَّلُ بِیْ

ترجمہ: جس نے مجھے دیکھا پس تحقیق اس نے حق دیکھا بیشک شیطان میری مثل نہیں بن سکتا۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جس نے مجھے دیکھا بیشک اس نے مجھے ہی دیکھا۔

مزید فرمایا:

مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰی فِی الْیَقْظَۃِ (مسند احمد۔7867)

ترجمہ: جس نے مجھے نیند میں دیکھا گویا اس نے مجھے بیداری میں دیکھا۔

اس کتاب کا مصنف باھُوؒ جو فنافی ھُو ہے' کہتا ہے کہ یہ کتاب آیاتِ قرآن وحدیث کے مطابق لکھی گئی ہے۔ یہ راہ اہلِ علم کو نصیب ہوتی ہے۔ طالبِ مولیٰ علم کو ہمیشہ ہر چیز سے اولیٰ سمجھتا ہے کیونکہ علم معرفت کی اساس وسرمایہ اور کُل مغز ہے۔ اس سے مراد عوام کا وہ علم نہیں جس پر وہ عمل بھی نہیں کرتی۔ سب سے پہلے ہر طرح کا علم سیکھو پھر فقر کی راہ پر قدم رکھو اور محبتِ الٰہی میں جلو کیونکہ علم نفس وشیطان سے حفاظت کرتا ہے اور علم ہی اس راہ کا راہبر ہے جبکہ علم کے بغیر زہد کرنے والا ابلیس اور گمراہ ہو جاتا ہے۔ دانا اور آگاہ رہو۔ بعض لوگوں کا ظاہر آراستہ ہوتا ہے اور وہ خود کو صاحبِ توفیق اور خاص اہلِ سنت جماعت والا ظاہر کرتے ہیں لیکن باطن میں وہ بدمذہب ہوتے ہیں۔ حدیثِ مبارکہ ہے:

لَا تَجْلِسُوْا مَعَ اَهْلَ الْبِدْعَةِ

ترجمہ: اہلِ بدعت کے ساتھ نہ بیٹھو۔

اَهْلُ الْبِدْعَةِ كِلَابُ النَّارِ

ترجمہ: اہلِ بدعت دوزخ کے کتے ہیں۔

اور یہ لوگ مطلق زندیق ہیں۔ بظاہر یہ لوگ فقیر ودرویش ہوتے ہیں لیکن دراصل یہ لوگ راہزن اور بدفطرت ہوتے ہیں۔ ان لوگوں سے محتاط رہنا چاہیے کیونکہ ان کی خلوت خلل سے پُر ہے۔ مالک ہوں یا غلام' سب بھاری جال میں پھنسے ہوئے ہیں۔ وہ صاحبِ معصیتِ شیطانی ہیں جو خواہشاتِ نفس کی لذت میں پھنسے ہوئے ہیں۔ ان کا حجرہ ان کے لیے حجاب اور ان کی ریاضت ریا سے پُر ہے جس کے باعث ان کا باطن خراب ہے۔ طالب وہ ہے جو مرشد سے اللہ کی طلب کرے اور اس کی آزمائش کرے اگرچہ وہ ظاہر و باطن میں ہر علم سے آگاہ اور طریقت کے ہر طریقہ کا مدعی ہو۔ طالبِ مولیٰ کو وسیع حوصلہ والا' دانشمند اور باشعور ہونا چاہیے جو مجلسِ محمدیؐ کی حضوری کا طلبگار ہو ورنہ ہزاروں ہزار جاہلوں کو ایک ہی نظر سے دیوانہ بنا دینا کونسا مشکل کام ہے۔

اے عزیز! ہر بلا سے بدترین بلا اور ہر دشمن سے خطرناک ترین دشمن تیرا نفس ہے جو تیرے وجود میں ہے۔ اگر تو اس کی صورت دیکھے کہ وہ کس قدر بدخصلت ہے تو تُو اپنے ہاتھ سے اپنا پیٹ چاک کر لے۔ نفس اندرونی چور ہے اور شیطان بیرونی چور ہے۔ اگر تُو اندرونی چور کو قید کر لے تو یہ بیرونی چور خود ہی الگ ہو جائے گا۔ اس چور کی گردن مار دو یا اسے سولی پر لٹکا دو۔ خبردار رہو کہ اس اندرونی اور غائب چور کو کیسے پکڑ کر مارنا یا سولی پر لٹکانا ہے۔ نفس سارے وجود میں اس طرح موجود ہے جس طرح دودھ میں دہی، مکھن، لسی اور گھی سب موجود ہیں۔ پس مرشد اُس عورت کی مثل ہوتا ہے جو دودھ میں بقدرِ ضرورت لسی ڈالتی ہے اور دودھ کی دہی جما دیتی ہے۔ دہی کو جب بلویا جاتا ہے تو مکھن نکلتا ہے۔ جب اس مکھن کو آگ پر رکھا جاتا ہے تو تپش سے مکھن میں سے میل الگ ہو جاتی ہے اور خالص اور پاک گھی باقی رہ جاتا ہے۔ اسی طرح مرشد توفیقِ الٰہی سے (طالب کو) نفس، قلب، روح اور سرّ جدا جدا دکھا دیتا ہے۔ یہ چاروں نفس کی چار حالتوں سے متعلق ہیں۔ امارہ کی حالت میں نفس بہت زیادہ فساد برپا کرتا ہے۔ حدیث مبارکہ ہے:

رَجَعْنَا مِنْ جِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلٰى جِهَادِ الْاَكْبَرِ

ترجمہ: ہم جہادِ اصغر سے جہادِ اکبر کی طرف لوٹ رہے ہیں۔

یہ نفس جو کافر دجال کی مانند ہے اسے حضرت عیسیٰؑ روح اللہ کی مثل مرشد کے علاوہ کوئی نہیں مار سکتا کیونکہ وہ قلب کو زندہ کرتا ہے اور نفس کو مارتا ہے۔ نفس اسمِ اللہ ذات کے وسیلہ کے بغیر کبھی نہیں جلتا اور نہ ہی اسے معرفتِ اِلَّا اللّٰهُ کے علم کے بغیر پہچانا جا سکتا ہے۔ نفس خلوت نشینی کے بغیر قید نہیں ہوتا نہ ہی مخلوق کے شر سے نجات پاتا ہے۔ نفس ذکرِ اللہ کے بغیر مسلمان نہیں ہوتا اور نہ ہی خاموشی کے بغیر مکمل طور پر مطیع و فرمانبردار ہوتا ہے۔ عارف باللہ مرشد کی صحبت میں گزری ایک ساعت ستر سال کی طاعت سے افضل تر ہے۔ نفس گناہ کے وقت کافر، شہوت کی حالت میں حیوان، بھوک کی حالت میں پاگل کتے جیسا اور سیری کی حالت میں فرعون بن جاتا ہے۔ نفس کی چار حالتیں ہیں

امارہ، لوامہ، ملہمہ اور مطمئنہ۔ ان چاروں کو ان کے آثار سے معلوم کیا جا سکتا ہے اور ان چاروں کو اسمِ اللہ ذات کے چار مراتب (اللہ، لِلّٰہ، لہٗ، ھُو) سے مارا جا سکتا ہے۔ یاد رکھو کہ قرب، وحدت اور حضورِ حق پاس انفاس کے ذکر اور فکر سے حاصل ہوتے ہیں اور یہ نفس کی چاروں حالتوں سے تعلق رکھتے ہیں جن کے متعلق اس آیت میں بیان کیا گیا ہے:

﴿ فَخُذۡ اَرۡبَعَةً مِّنَ الطَّيۡرِ فَصُرۡهُنَّ اِلَيۡكَ ثُمَّ اجۡعَلۡ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ ﴾ (سورۃ البقرہ۔260)

ترجمہ: چار پرندے لو اور انہیں اپنے ساتھ مانوس کر لو پھر (انہیں ذبح کر کے) ان کا ایک ایک ٹکڑا ایک ایک پہاڑ پر رکھ دو۔

شمس تبریزیؒ نے فرمایا:

چہار بودم سہ شدم اکنون دویم
و ز دوئی بگذشتم یکتا شدم

ترجمہ: پہلے میں چار تھا، پھر تین ہوا اور پھر دو۔ جب دوئی سے بھی نکل گیا تو یکتا ہو گیا۔

جوابِ مصنف:

ابتدائی یک و بآخر نیز یک
و ز دوئی بگذشت بہتر از ملک

ترجمہ: ابتدا بھی یکتائی تھی اور انتہا بھی یہی ہے اس لیے دوئی سے نکل جانا فرشتہ بننے سے بہتر ہے۔

عارفین کا نفس قلب بن جاتا ہے، قلب روح میں ڈھل جاتا ہے اور روح سرّ میں داخل ہو جاتی ہے تب ایک عارف صاحبِ اسرار عارف باللہ بن جاتا ہے۔ کوئی بھی چیز ایسی نہیں جو عارف نے دیکھی نہ ہو کیونکہ عارف سے کوئی بھی چیز پوشیدہ نہیں ہوتی۔ عارف باللہ وہ ہوتا ہے جو طالبِ مولیٰ کو بغیر زہد و ریاضت کروائے عین ذات تک پہنچا دے کیونکہ لمحہ بھر کے لیے نورِ الٰہی کی تجلیات میں جلنا سو (۱۰۰) چلوں کی ریاضت و مزدوری سے بہتر ہے۔ صاحبِ نور حضور عارف باللہ اُسے کہتے

ہیں جو طالبِ مولیٰ کو اس کے وجود سے محرم کروا دے تا کہ وہ اپنے نفس، قلب، روح اور سِرّ کو الگ الگ دیکھ لے۔ احادیثِ مبارکہ ہیں:

مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ

ترجمہ: جو اپنے نفس کو پہچان لیتا ہے پس تحقیق وہ اپنے ربّ کو پہچان لیتا ہے۔

مَنْ عَرَفَ رَبَّهٗ فَقَدْ كَلَّ لِسَانُهٗ

ترجمہ: جو اپنے ربّ کو پہچان لیتا ہے پس تحقیق اس کی زبان گونگی ہو جاتی ہے۔

مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ بِالْفَنَاءِ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ بِالْبَقَاءِ

ترجمہ: جو اپنے نفس کو فنا سے پہچان لیتا ہے پس تحقیق وہ اپنے ربّ کو بقا سے پہچان لیتا ہے۔

صاحبِ حضور کا نام لینا بے ادبی ہے اگرچہ نام لینا بہت ضروری ہو۔ پس عارف باللہ کا ذکر، فکر اور علم سے تعلق نہیں ہوتا کیونکہ وہ اپنے ربّ کو پہچان کر مقامِ ربوبیت پر پہنچ چکا ہوتا ہے اور نورِ الٰہی میں غرق ہو کر صاحبِ توحید بن چکا ہوتا ہے۔ باطن کے اظہار کے لیے ظاہری مقام کی ضرورت ہوتی ہے۔ راہِ ظاہر مکمل طور پر لوگوں کو وعظ و نصیحت کرنے سے تعلق رکھتی ہے جبکہ راہِ باطن خاموشی سے ربوبیت میں غرق ہونا ہے۔ عارف باللہ وہ ہے جس کا حوصلہ وسیع ہو اور وہ شوقِ حق کی شراب پیے ہوئے ہو۔ عارف کی بہت سی اقسام ہیں جیسا کہ عارفِ علم، ذکر فکر میں خوش رہنے والا عارف، ورد وظائف کرنے والا عارف، طبقات کی طیر سیر کرنے والا عارف اور قرب و وِصال کا حامل عارف۔ گونگی زبان والا عارف باللہ وہ ہوتا ہے جو فنا فی اللہ ہو کر ربوبیت تک پہنچ چکا ہو۔ گونگا ہونا عارف باللہ کی عبودیت اور زبان کا لمبا ہونا اس کی زینت ہے۔ عارف باللہ لازوال مراتب کا حامل ہوتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَلْعِلْمُ حِجَابُ اللّٰهِ الْاَكْبَرِ

ترجمہ: علم اللہ کی طرف (جانے کے دوران) بہت بڑا حجاب ہے۔

حضوری کی طلب کے لیے تجھے کیا کرنا چاہیے؟ زندگی کی حقیقت پر تفکر اور ذکر کرنا چاہیے۔ حدیثِ مبارکہ ہے:

تَفَکَّرُوْا فِیْ نِعْمَآئِہٖ وَلَا تَفَکَّرُوْا فِیْ ذَاتِہٖ

ترجمہ: اس کی نعمتوں میں تفکر کرو اور اس کی ذات میں تفکر نہ کرو۔

حضوری اور نورِ الٰہی میں استغراق اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمتیں ہیں، ان میں تفکر کرنا چاہیے نہ کہ اللہ کے وجود اور جوہر میں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ ج وَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ O (سورۃ الشوریٰ۔11)

ترجمہ: اس کی مثل کوئی شے نہیں۔ اور وہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔

بیت:

حجتی بگذار بشنو این جواب
ذکر فکر و علم عارف را حجاب

ترجمہ: حجت کو ترک کر دو اور یہ جواب سنو کہ ذکر، فکر اور علم عارف کے لیے حجاب ہیں۔

علم سمندر کی مثل ہے اور اس کا ہر حرف موج کی مثل ہے۔ باعمل عالم کشتی کی مثل ہے اور عارف باللہ مرشد ملاح کی مثل ہے جو کشتی میں بیٹھنے والوں کو سلامتی کے ساتھ ساحل پر پہنچاتا ہے۔ قاضیٔ حق علما سے دو عینی گواہ طلب کرتا ہے اوّل عینی گواہ علم اور دوم گواہ اس علم پر عمل۔ وہ عالم جو علم پر عمل نہیں کرتا اس کے متعلق ارشاد ہے:

کَمَثَلِ الْحِمَارِ یَحْمِلُ اَسْفَارًا (سورۃ الجمعہ۔5)

ترجمہ: وہ گدھے کی مثل ہیں جو پیٹھ پر بڑی بڑی کتابیں لادے ہوئے ہو۔

فقہ اور فقر کے تین تین حروف ہیں۔ جب فقہ اور فقر (کسی ایک شخص میں) جمع ہو جاتے ہیں تو اس کو صاحبِ تصوف کہتے ہیں جو توحیدِ مطلق تک پہنچ چکا ہو۔

حدیث مبارکہ ہے:

اَلْفَقْرُ لَا یُحْتَاجُ اِلَّا اِلَی اللّٰہِ

ترجمہ: فقر اللہ کے سوا کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔

اگر علم کے بغیر فقر کی راہ پر چلا جائے تو وہ محتاجی کی طرف لے جاتا ہے یہ فقر اضطراری ہوتا ہے نہ کہ اختیاری۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ فَقْرِ الْمُکِبِّ

ترجمہ: میں فقرِ مکب (فقرِ اضطراری) سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

ابیات:

بہر زن فرزند بہر در سوال
باز دارد حق تعالیٰ از وصال

ترجمہ: اگر بیوی بچوں کے لیے در در پر سوال کیا جائے تو یہ عمل حق تعالیٰ کے وصال سے دور رکھتا ہے۔

بشنو شرمندہ خجل و روسیاہ
ہر مطالب طلب کن تُو از اللہ

ترجمہ: اے شرمندہ اور سیاہ چہرے والے سن! تو اپنا ہر مقصود اللہ تعالیٰ سے طلب کر۔

حدیثِ مبارکہ ہے:

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْفُقَرَآءَ الْغَنِیِّ

ترجمہ: بیشک اللہ غنی فقرا کو پسند کرتا ہے۔

فقیر تین طرح کے ہیں۔ ایک وہ درویش جو در در پر سوال کرتے ہیں، دوم وہ فقیر جو اللہ کے حکم سے حاکم کی مثل ہوتے ہیں۔ ان کا سوال وصال کی خاطر ہوتا ہے نہ کہ خام خیالی۔ سوم وہ جو

مزدور کی مثل ہیں۔ اگر وہ کسی کے لیے دعوت پڑھتے ہیں تو اس کے بدلے بطور مزدوری مال طلب کرتے ہیں۔ قاضیٔ حق طالبِ مولیٰ سے دو گواہ طلب کرتا ہے اوّل ذکرِ دوام جو کہ پیرِ کامل کے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کے متعلق فرمایا:

اَکْثِرُوا الذِّکْرِ

ترجمہ: کثرت سے ذکر کرو۔

اس سے مراد ذکرِ حامل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْیَۃً (سورۃ الاعراف۔55)

ترجمہ: اپنے ربّ کو پکارو عاجزی اور خفیہ طریقے سے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ذکرِ حامل کو ذکرِ خفی قرار دیا۔ ذکرِ خفی کا تعلق نہ زبان سے ہے نہ قلب، روح اور سِرّ سے۔ اللہ تعالیٰ غیر مخلوق ہے اور وہ فرماتا ہے ''مجھے غیر مخلوق سے یاد کرو''۔ غیر مخلوق سے مراد کیا ہے؟ برزخ اسمِ اللّٰہ ذات۔ ذکرِ دوام اللہ کا لازوال وصال عطا کرتا ہے اور فکرِ کامل فنائے نفس کو کہتے ہیں۔ فنائے نفس سے کیا مراد ہے؟ اسمِ اللّٰہ ذات میں تفکر کرتے ہوئے مراقبہ میں غرق ہونا۔ مراقبہ میں طالب جہاں چاہتا ہے پہنچ جاتا ہے، جس سے چاہتا ہے گفتگو کرتا ہے اور اسے یاد بھی رکھتا ہے۔ جب مراقبہ سے باہر آجاتا ہے تو باطن میں جو کچھ دیکھا ہوتا ہے وہ ظاہر میں بھی دیکھتا ہے جس سے اس کا وجود پاک ہو جاتا ہے۔ یہ کیفیت دو طرح کی ہے۔ اوّل مشاہدۂ طبقات۔ اس سے نفس فنا نہیں ہوتا سوائے مشاہدۂ ذات کے۔ اس مشاہدہ کے دوران وہ جو کچھ دیکھتا ہے اسے اچھی طرح سمجھتا ہے لیکن اس کی کسی شے سے مثال نہیں دے سکتا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَاذْکُرْ رَّبَّکَ اِذَا نَسِیْتَ (سورۃ الکہف۔24)

ترجمہ: اور اپنے ربّ کا ذکر (اس قدر محویت سے) کر کہ تو خود کو بھی فراموش کر دے۔

حدیثِ مبارکہ ہے:

لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَا یَسَعُنِیْ فِیْہِ مَلَکٌ مُّقَرَّبٌ وَ لَا نَبِیٌّ مُّرْسَلٌ

ترجمہ: میرا اللہ کے ساتھ ایک وقت ایسا بھی ہے جس تک نہ کسی مقرب فرشتے کی رسائی ہے اور نہ کسی نبی مرسل کی۔

اکثر لوگ حبسِ دل کو ذکرِ دوام کہتے ہیں۔ وہ ذکر کے دوران دل کو اوپر نیچے کھینچتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ حبس ہے۔ وہ غلط کہتے ہیں۔ یہ حبس نہیں بلکہ بیکار اور حرام عمل ہے کیونکہ حبسِ دم کرنا کفار کی رسم اور فضول کام ہے۔ ایسا شخص ذکرِ پروردگار سے بے خبر حیوانات کی مانند ہے۔ اس کام سے ہزار بار استغفار کرنی چاہیے۔ ان لوگوں پر اعتبار نہیں کرنا چاہیے کیونکہ ان کے طریقہ کی نہ کوئی ابتدا ہے نہ انتہا۔ یہ لوگ خام و ناقص اور اللہ سے بہت دور ہیں۔ ذکرِ قلب کرنے والے کی چار علامات ہیں اوّل وہ ہر شب مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا مشاہدہ کرتا ہے، دوم وہ اس بات پر توکل کرتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، سوم فقر فنافی اللہ کے مرتبہ پر ہوتا ہے، چہارم وہ مردار دنیا اور اہلِ دنیا کی صحبت ترک کر چکا ہوتا ہے۔ جو ان چاروں صفات کا حامل نہ ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس پر ذکرِ قلب منکشف نہیں ہوا اگرچہ ظاہری قلب سینے میں اسمِ اللہ ذات کے ساتھ جنبش لے اور بلند آواز میں ذکر کرے۔ ایسا دل دنیا کے مال کی خاطر اللہ کا نام لیتا اور فریاد کرتا ہے۔ ایسا قلب دنیا کی طلب میں ہے جس سے معرفتِ حق سلب ہو جاتی ہے۔ جس طرح زبان گوشت کا لوتھڑا ہے اسی طرح دل بھی گوشت کا لوتھڑا ہے۔ اس کا ذکر کوئی فائدہ نہیں دیتا۔

ابیات:

نفس بند باتصور نقش بند
درم دنیا را کشد با دل پسند

ترجمہ: نفس کو قابو میں کر اور تصور کے ساتھ اس پر اسمِ اللہ ذات کا نقش جما۔ یہ تیرے دل میں موجود دنیا کے مال و دولت کی محبت کو نکال دے گا۔

ہر کرا دارد دوست دنیا سیم زر
از خدا و از نبیؐ بی خبر

ترجمہ: جو دنیا کے سونا و چاندی کو محبوب رکھتا ہو وہ اللہ اور اس کے محبوب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بے خبر ہوتا ہے۔

حدیث مبارکہ ہے:

اَلدُّنْیَا مَزْرَعَۃُ الْاٰخِرَۃِ

ترجمہ: دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

اس سے مراد وہ دنیا نہیں جو متاعِ شیطان ہے۔ جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس رات کے وقت جو کچھ ہوتا اسے صبح تک اللہ کی راہ میں خرچ کر دیتے اور جو کچھ دن کے وقت ہوتا اسے رات تک اللہ کی راہ میں خرچ کر دیتے۔ دنیا کو آخرت کی کھیتی سمجھنا ہی دین ہے۔ باطنی طور پر اندھے اس بات کو نہیں سمجھ سکتے۔

بیت:

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا
ہر چہ داری صرف کُن در راہ ھُو

ترجمہ: جو کچھ تمہارے پاس ہے سب اللہ کی راہ میں خرچ کر دو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ''تم تب تک بھلائی کو نہیں پا سکتے جب تک اللہ کی راہ میں خرچ نہ کرو''۔

یعنی ہر وہ چیز جسے تم محبوب رکھتے ہو جیسا کہ ذبیح اللہ (یعنی حضرت ابراہیمؑ نے اپنے بیٹے حضرت اسماعیلؑ کی قربانی دی)۔ جس طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اللہ کی راہ میں جان و مال کو خرچ کر دیا۔ جو دنیا سے وضو اور آخرت سے غسل نہیں کرتا وہ ہرگز مرتبۂ فقر تک نہیں پہنچ سکتا۔ اہلِ دنیا پر عقبیٰ حرام ہے، اہلِ عقبیٰ پر دنیا حرام ہے اور طالبِ مولیٰ پر دونوں حرام ہیں۔ حدیثِ قدسی ہے:

طَالِبُ الدُّنْیَا مُخَنَّثٌ وَطَالِبُ الْعُقْبٰی مُؤَنَّثٌ وَطَالِبُ الْمَوْلٰی مُذَکَّرٌ

ترجمہ: طالبِ دنیا مخنث ہے، طالبِ عقبیٰ مؤنث ہے اور طالبِ مولیٰ مذکر ہے۔
اگر کوئی یہ کہے کہ مجھے دین و دنیا دونوں عطا ہوئے ہیں تو وہ غلط کہتا ہے۔ وہ جھوٹا اور خطا پر ہے۔
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

حُبُّ الدُّنْیَا وَ الدِّیْنِ لَا یَسْعَانِ فِیْ قَلْبٍ وَّاحِدٍ کَالْمَآءِ وَ النَّارِ فِیْ اِنَآءٍ وَّاحِدٍ

ترجمہ: دنیا اور دین کی محبت قلبِ واحد میں نہیں سما سکتی جس طرح پانی اور آگ ایک برتن میں نہیں جمع ہو سکتے۔
اگر کوئی کہے کہ میں نے مسلمانوں، بیوہ عورتوں، مستحقین اور یتیموں کے لیے مالِ دنیا رکھا ہوا ہے نہ کہ اپنے بدبخت نفس کی طمع کی خاطر، تو یہ سب شیطان کا مکر، حیلہ اور فریب ہے۔ شیطان صبح سویرے طمع کا طبل بجاتا ہے کیونکہ اس جہان میں سب سے پہلے جو برائی پیدا ہوئی وہ طمع تھی۔

بیت:

بی طمع طالب بود روز و شب
طالب طلب دیدارِ ربّ

ترجمہ: طالبِ مولیٰ بے طمع ہوتا ہے اور وہ روز و شب دیدارِ ربّ کی طلب میں رہتا ہے۔
طمع ذکر، فکر، وھم اور اللہ کے قرب و وصال سے دور رکھتی ہے۔ طمع کے باعث طالب قبض و بسط، سکر و صحو اور مستی جیسے احوال حاصل نہیں کر پاتا اور نہ ہی اسے عارفین کی وہ آنکھ عطا ہوتی ہے جس کی بدولت وہ عین ذات کو دیکھ سکے اور اس کا وصال حاصل کر سکے۔ اکثر لعین مرشد مفاد پرست ہوتے ہیں جو غیب بیان کرتے ہیں۔ ان کے مرید بھی اللہ کے طالب نہیں ہوتے جو مرشد کے نیک و بد اعمال کی جاسوسی کرتے ہیں اور نام و ناموس کے طلبگار ہوتے ہیں۔ مرشد کی گواہی کے لیے ایک طالب ہی بطور گواہ کافی ہے۔ جو مرشد دو طالب بطور گواہ طلب کرے وہ بے راہ ہے اور محبّ گواہ طالب کے لیے وہ مرشد موزوں نہیں۔ طالب وہ ہے جو امتحان سے کامیابی سے گزرا ہو ورنہ وہ

طالب نہیں بلکہ مرشد کا دشمن اور شیطان ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

يَابَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○ (سورۃ یٰسین۔60)

ترجمہ: اے بنی آدم! تم شیطان کی پیروی نہ کرو بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

بلکہ شیطان ایمان کا دشمن اور ناقص طالب جان کا دشمن ہے۔ صادق طالب بہت کم ہیں جو اپنی جان مرشد پر قربان کر دیتے ہیں۔ ہر روز اللہ تعالیٰ ایسے طالبوں کو طلب کرتا ہے جو اسے جان سے عزیز رکھیں۔ جسے اپنی جان عزیز ہو وہ دنیا سے کیسے سیر ہو سکتا ہے! دنیا حلال ہونے کے باوجود ہم پر حرام ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

حَلَالُهَا حِسَابٌ وَحَرَامُهَا عِقَابٌ

ترجمہ: حلال رزق پر حساب ہے اور حرام رزق پر عذاب ہے۔

تَرَكَ الدُّنْيَا لِلدُّنْيَا

ترجمہ: وہ دنیا کو دنیا کی خاطر ترک کرتے ہیں۔

یعنی بعض فقیر مال میں اضافہ کے لیے دنیا ترک کرتے ہیں۔ سوائے بے حیا اور بے شرم کے کوئی دنیا طلب نہیں کرتا اور وہ تین حکمتوں سے خالی نہیں ہوتا یا وہ حاسد ہوتا ہے یا منافق یا حارص۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ۭ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ○ (سورۃ الانعام۔44)

ترجمہ: پھر جب انہوں نے اس نصیحت کو فراموش کر دیا جو ان سے کی گئی تھی تو ہم نے (انہیں اپنے انجام تک پہنچانے کے لیے) ان پر ہر چیز (کی فراوانی) کے دروازے کھول دیئے۔ یہاں تک کہ وہ ان چیزوں (کی لذتوں اور راحتوں) سے خوب خوش ہو گئے جو انہیں دی گئی تھیں تو ہم نے اچانک انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا تو اس وقت وہ مایوس ہو کر رہ گئے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

اَلدُّنْیَا لَکُمْ وَ الْعُقْبٰی لَکُمْ وَ الْمَوْلٰی لِیْ

ترجمہ: دنیا بھی تمہارے لیے ہے اور عقبیٰ بھی تمہارے لیے۔ میرے لیے بس مولیٰ ہی کافی ہے۔

جاننا چاہیے کہ سرود، سماع اور نغمہ سننے، خدوخال اور حسن پرستی میں مشغول ہونے، شراب پینے اور نماز ترک کرنے سے باطن خراب ہو جاتا ہے۔ مستیٔ حال میں آہیں بھرنا، کپڑے پھاڑنا، ہر طرف دوڑتے پھرنا اور دیوانہ وار رقص کرنا فقرِ محمدیؐ کے برعکس اور شیطان صفت لوگوں کے کام ہیں جو خام اور فقر میں نامکمل ہوتے ہیں۔ صاحبِ طریقت ہونے کا دعویٰ کرنے والے لوگ اولیا اللہ کی راہ کے مخالف ہوتے ہیں جو انانیت اور استدراج میں پھنس کر پریشان حال رہتے ہیں۔ وہ جھوٹے ہیں۔

حدیثِ قدسی:

اِنَّ اَوْلِیَآئِیْ تَحْتَ قَبَائِیْ لَا یَعْرِفُھُمْ غَیْرِیْ

ترجمہ: بیشک میرے اولیا میری قبا کے نیچے (پوشیدہ) ہیں انہیں میرے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔

ابیات:

اسم اللہ پوشی بر تن خود قبا
تا شود حق حاصلے وحدت خدا

ترجمہ: اسمِ اللہ ذات کو قبا کی مثل اپنے وجود پر لپیٹ لے تاکہ تجھے حق اور وحدتِ الٰہی حاصل ہو جائے۔

اسم اللہ در جسم است جسم در اسم
و ز نفس شیطان فارغ گشت نیست غم

ترجمہ: جب اسمِ اللہ ذات تیرے جسم میں اس طرح سرایت کر جائے کہ جسم اور اسمِ اللہ ذات ایک ہو جائیں تب تو نفس و شیطان سے نجات حاصل کر لے گا اور تجھے کوئی غم نہ ہوگا۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

اَلَآ اِنَّ اَوۡلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ O (سورۃ یونس۔62)

ترجمہ: خبردار! بیشک اولیا اللہ کو نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

دوسرگروہ وہ ہے جو قید و تسخیر کرنے کے لیے دعوت پڑھتے ہیں تاکہ لوگ ان کی طرف رجوع کریں۔ وہ انہیں کشف و کرامات دکھاتے ہیں۔ بعض دستار پہنے خود پسندی و خود پرستی کے باعث سجادگی اور طالب مرید بنانے کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن طمع کے باعث دنیا کے مال و دولت کے پیچھے خوار ہو رہے ہوتے ہیں اور نام و ناموس اور عزو جاہ کے لیے شور مچاتے ہیں۔ وہ اہلِ بدعت ہوتے ہیں جو روضے اور خانقاہیں تو بنواتے ہیں لیکن حق تعالیٰ کی عبادت سے غافل ہوتے ہیں اور اپنے فخر و غرور کے باعث اپنے آباؤاجداد کی ہڈیاں بھی بیچ دیتے ہیں۔ یہ بھی انانیت اور استدراج کا مقام ہے اور وہ جھوٹے ہیں۔ راہِ فقرِ محمدیؐ کا تعلق سیّد یا قریشی ہونے یا سہروردی، چشتی اور نقشبندی سلسلے سے تعلق رکھنے یا شہرت سے نہیں بلکہ اس کا تعلق اللہ کے عرفان سے ہے اللہ جسے چاہے عطا کرے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

یَا فَاطِمَۃُ لَا تَحۡزَنِیۡ عَلٰی اِنَّکِ بِنۡتِ رَسُوۡلِ اللّٰہِ اِعۡمَلُوۡا اِعۡمَلُوۡا

ترجمہ: اے فاطمہؓ! اس بات پر بے خوف مت ہو کہ تو رسولؐ اللہ کی بیٹی ہے بلکہ عمل کرو، عمل کرو۔

میری حجت قرآن ہے جبکہ جاہل کی حجت شیطان ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

یَوۡمَ یَفِرُّ الۡمَرۡءُ مِنۡ اَخِیۡهِ O (سورۃ عبس۔34)

ترجمہ: اس دن آدمی اپنے بھائی سے بھاگے گا۔

لِكُلِّ امۡرِیٍٔ مِّنۡهُمۡ یَوۡمَئِذٍ شَاۡنٌ یُّغۡنِیۡهِ O (سورۃ عبس۔37)

ترجمہ: اس دن ہر شخص کو ایسی (پریشان کن) حالت لاحق ہوگی جو اسے (ہر دوسرے سے) بے پرواہ کر دے گی۔

بعض خوش نصیب ایسے ہیں جنہیں عرش سے تحت الثریٰ تک زمین و آسمان کے تمام طبقات اور مقامات کا نظارہ، غوثیت اور قطبیت کے مراتب اور لوحِ محفوظ کا دائمی مطالعہ حاصل ہوتا ہے لیکن یہ سب نجومی کے مراتب ہیں۔ یہ بھی مقامِ انانیت اور استدراج ہے اور وہ جھوٹے ہیں۔

اولیا و درویش فقیر کے لیے کرامت کسی کو اسمِ اللہ ذات سے آشنا کر دینا، توحیدِ ذات میں غرق کر دینا اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مشرف کر دینا ہے۔ استقامت بہتر ہے کرامت و مقامات سے۔ قول و فعل میں ہر قدم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اتباع میں ہونا چاہیے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

مَنْ عَرَفَ اللّٰهَ لَمْ يَكُنْ لَذَّةٌ مَعَ الْخَلْقِ

ترجمہ: جو اللہ کو پہچان لیتا ہے وہ مخلوق کے ساتھ لذت نہیں پاتا۔

اَلطَّالِبُ عِنْدَ الْمُرْشِدِ كَالْمَيِّتِ بَيْنَ يَدَيِ الْغَاسِلِ

ترجمہ: طالب مرشد کے ہاتھ میں ایسے ہوتا ہے جیسے غسال کے ہاتھ میں میت۔

ثَلٰثٌ يَشْفَعُوْنَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ كَشَفَاعَتِ الْاَنْبِيَآءِ اَلشُّهَدَاءُ وَ الْاَوْلِيَاءُ الْكَامِلِ وَ الْخَادِمِ

ترجمہ: تین طرح کے لوگ قیامت کے روز انبیا کی شفاعت کے حقدار ہوں گے؛ شہدا، اولیا کاملین اور (ان کے) خادم۔

سَيِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُ الْفُقَرَآءِ

ترجمہ: قوم کا سردار قوم کا خادم ہوتا ہے۔

وعظ و نصیحت کی راہ اور ہے، علمِ فضیلت و دانشمندی کی راہ اور ہے، حق کو پسند کرنے والے عارف باللہ کی راہ اور ہے۔

بیت:

ہر کہ باشد پسند خالق پاک
ور نہ باشد پسند خلق چہ باک

ترجمہ: جو خالق کو پسند آجائے وہ اگر مخلوق کو نہ بھی پسند ہو تو کیا ڈر۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ اُولُوا الْعِلْمِ (سورۃ آلِ عمران۔18)

ترجمہ: اللہ نے اس بات پر گواہی دی کہ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور فرشتوں اور علم والوں نے بھی (گواہی دی)۔

محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا:

اَلْاُنْسُ بِاللّٰهِ وَ الْمُتَوَحِّشُ عَنْ غَيْرِ اللّٰهِ (الرسالۃ الغوثیہ)

ترجمہ: جو اللہ کے ساتھ اُنس رکھتا ہے وہ غیر اللہ سے وحشت کھاتا ہے۔

ولی تین قسم کے ہیں اوّل ولی دنیا جو ظلِ اللہ کی مانند ہیں۔ دوم ولی عقبیٰ جو کہ زاہد، عابد اور اہل اللہ ہیں۔ اہلِ اللہ وہ ہوتے ہیں جن میں ظلِ اللہ کی تمام صفات موجود ہوں اور وہ مخلوقِ خدا کے لیے سکون کا باعث ہوں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَّنْفَعُ النَّاسَ

ترجمہ: لوگوں میں بہتر وہ ہے جو دوسرے لوگوں کو نفع پہنچائے۔

سوم ولی اللہ جو فنا فی اللہ فقیر ہیں۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ (سورۃ البقرہ۔257)

ترجمہ: اللہ ایمان والوں کا دوست ہے۔ وہ انہیں ظلمات سے نکال کر نور کی طرف لے جاتا ہے۔

اسمِ اللہ ذات موتی کی مثل ہے اور موتی کو کتے کے منہ میں نہیں ڈالنا چاہیے۔ اگر تو کتے کے منہ میں ڈالنا چاہتا ہے تو اس کتے کو ایسا بنا جیسے اصحابِ کہف کا کتا تھا۔ جاننا چاہیے کہ وحدتِ حق تعالیٰ سمندر کی مثل، تصور اسم اللہ ذات موج کی مثل اور طالب بلبلے کی مثل ہے۔ جب موج بلبلے کو سمندر کے پانی میں غرق کرتی ہے تو وہ بلبلہ، موج اور سمندر کا پانی ایک ہو جاتے ہیں جس طرح

انگارہ اور آگ ایک ہوتے ہیں۔ بندے اور خدا کے درمیان حجاب یہی دنیا ہے۔ جو شخص اپنے دل میں دانہ برابر بھی دنیا کی محبت رکھتا ہوگا تو زمین پر موجود تمام اولیا اللہ میں سے کوئی بھی اسے راہِ حق پر نہیں چلا سکتا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

تَرْکُ الدُّنْیَا رَأْسُ کُلِّ عِبَادَۃٍ وَحُبُّ الدُّنْیَا رَأْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ

ترجمہ: ترکِ دنیا ہر عبادت کی بنیاد ہے اور حبِ دنیا ہر برائی کی بنیاد ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

کُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ O (سورۃ الاعراف۔31)

ترجمہ: کھاؤ اور پیو اور حد سے زیادہ خرچ نہ کرو۔ بیشک وہ (اللہ) فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

یہ آیت وجود کے متعلق ہے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے پاس مال اور اجناس نہیں رکھتے تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَلْمُفْلِسُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ تَعَالٰی

ترجمہ: مفلس اللہ تعالیٰ کی امان میں ہوتا ہے۔

بیت:

تا گلو پُر مشو کہ دیگ نہ
آب چندان مخور کہ ریگ نہ

ترجمہ: تُو گلے تک بھر کر مت کھا کیونکہ تو دیگ نہیں ہے اور نہ ہی اس قدر پانی پی کیونکہ تو ریت نہیں ہے۔

فنا فی اللہ فقیر وہ ہوتے ہیں جو کھانا تو اس جہان (دنیا) کا کھاتے ہیں لیکن کام اُس جہان (آخرت) کے کرتے ہیں۔ ان کا کھانا مجاہدہ اور ان کی نیند مشاہدہ ہوتی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے

ارشاد فرمایا:

تَنَامُ عَیْنِیْ وَلَا یَنَامُ قَلْبِیْ (صحیح بخاری۔3569)

ترجمہ: میری آنکھیں سوتی ہیں لیکن میرا دل نہیں سوتا۔

جاننا چاہیے کہ علما اوران کے علم کا آغاز حرفِ عین سے ہے۔ درحقیقت وہ عین ذات دیکھتے ہیں۔ مادرزاد اندھا اللہ کو کیسے دیکھ سکتا ہے! یقین فقر سے حاصل ہوتا ہے اور فقر فقہ سے بالاتر نہیں۔ فقہ وہ ہے جو فقر کے مطابق ہے۔ اگر یہ ایک دوسرے کے مخالف ہوں تو اس میں بھی کوئی حکمت ہے۔ ہر وہ شخص بے عقل ہے جو دولتِ دنیا کی جدوجہد میں رہتا ہے۔ حقیقت کی ایک شکل اور ذائقہ ہوتا ہے جسے حقیقی علما ہی چکھتے ہیں اسی بنا پر وہ صاحبِ عظمت ہوتے ہیں۔ ان کے ادب کا خاص خیال رکھ کیونکہ ان کی نگاہ حق پر ہوتی ہے۔ دنیا کے مال اور نذر و نیاز سے اللہ کی خاطر ان کی تواضع اور خدمت کر ورنہ ان پر اس قدر رحمتِ الٰہی ہے کہ ان کی ایک قطعی حجت ہی کافی ہوگی جو ایسے اسباب پیدا کردے گی جس کے باعث تو ہلاک ہو جائے گا۔

حضرت امام ابوحنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کی روایت کے مطابق علمائے عامل وہ ہیں جو ریاکار نہیں ہوتے اور نہ ہی وہ رشوت اور مردار دنیا کے مال و دولت کے طلبگار ہوتے ہیں۔ جو مردار کھاتا ہے وہ خدا کا خوف نہیں رکھتا۔ بلکہ وہ اس چیز سے خوفزدہ ہوتا ہے جس سے خوفزدہ نہیں ہونا چاہیے۔ علم کا تعلق عمل سے ہے نہ کہ تدریس سے۔ جو علم بدعتی بنادے اور حق کے خلاف کرنے لگے تو ایسے شخص کو عالم نہیں کہہ سکتے۔ وہ شیطان کی مثل خدا سے بہت دور ہے۔ کیونکہ شیطان بھی عالم فاضل، زاہد اور عابد تھا اب وہ راہزن بن کر مسلمانوں کو گمراہ کرتا ہے۔ میں اس سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

ترجمہ: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

جو عالم دنیا کی طلب کرتا ہے بیشک دین اس کے ہاتھ سے چلا جاتا ہے اور وہ حج و زکوٰۃ کا منکر ہو

جاتا ہے۔ دنیا طلب کرنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنت کے خلاف ہے۔ جو فقیر دنیا کی عزو جاہ کا طلبگار ہو اگرچہ وہ ظلِ اللہ بادشاہ کا مقرب ہو وہ گمراہ ہو جاتا ہے کیونکہ اس کا نفس خواہشاتِ نفسانی کے باعث ناپاک ہو چکا ہے۔ فقیر فقر سے بنتا ہے اور مست ہاتھی کی طرح رہتا ہے۔ بزرگوں کو لذت پرستوں کی صحبت راس نہیں آتی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَلْفَقْرُ نُوْرٌ وَ الْوَجْهُ فِي النُّوْرِ

ترجمہ: فقر ایک نور ہے اور اس کی صورت بھی نور ہے۔

صورتِ فقر سر سے قدم تک ہر خواہش کو ختم کر دیتی ہے اور طالب اشتغالِ اللہ میں مشغول ہو جاتا ہے۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت خضر علیہ السلام کی صحبت اختیار کی تو انہوں نے کشتی میں سوراخ کر دیا، شکستہ دیوار کو تعمیر کر دیا اور بچے کو قتل کر دیا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَ بَيْنِكَ (سورۃ الکہف۔78)

ترجمہ: (خضر علیہ السلام نے) کہا یہ میرے اور آپ کے درمیان جدائی (کا وقت) ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَيِّئَاتُ الْمُقَرَّبِيْنَ

ترجمہ: نیکوکاروں کی نیکیاں مقربین کے نزدیک گناہ ہیں۔

جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال کو گیارہ سو سال گزر جائیں گے تو ہر کوئی (باطنی طور پر) ہلاک ہو جائے گا سوائے ان کے جو اشتغالِ اللہ میں مشغول صاحبِ وصال ہیں۔ کیونکہ وہ قیامت اور ابدالآباد تک تمام آفات اور دجال سے امان میں ہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ (سورۃ محمد۔38)

ترجمہ: اور اللہ غنی ہے اور تم سب محتاج ہو۔

حدیثِ مبارکہ ہے:

اِذَا تَمَّ الْفَقْرُ فَهُوَ اللّٰه

ترجمہ: جب فقر مکمل ہوتا ہے پس وہی اللہ ہے۔

فقر میں مکمل ہونا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مرتبہ ہے جبکہ دنیا میں مکمل طور پر غرق ہونا فرعون کا مرتبہ ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیروکاروں کو فرعون کے پیروکاروں کی صحبت راس نہیں آتی۔ ابیات:

ہر کرا مرشد نباشد پیشوا
این رسالہ بس بود رہبر خدا

ترجمہ: جسے راہنمائی کے لیے مرشد نہ مل رہا ہو تو یہ کتاب اس کے لیے اللہ کی طرف کامل راہنما ہے۔

در مطالعہ دار دائم اہل دین
عارفی فی اللہ شوی حق الیقین

ترجمہ: اس کتاب کو ہمیشہ اپنے مطالعہ میں رکھ تاکہ تو اہلِ دین بن جائے۔ پھر تو حق الیقین کا حامل فنا فی اللہ عارف ہو جائے گا۔

اگرچہ طالب ہزاروں بلکہ بیشمار ہوتے ہیں مگر فنا فی اللہ فقیر طالبِ مولیٰ ایک ہوتا ہے اور وہ اللہ کے ساتھ یکتا ہوتا ہے۔ جو ظاہری حواسِ خمسہ کو بند نہیں کرتا اس کے باطنی حواس نہیں کھلتے۔ ایک قدم ازل میں رکھ اور دوسرے قدم میں خواہشاتِ نفس سے نجات پا لے تب تو فنا فی اللہ عارف بن کر اللہ سے وصال پا لے گا۔ جس نماز اور ذکر میں غیبی آواز یا دل کی کامل دلیل یا وھم سے نمازی یا ذاکر کو جواب باصواب نہیں ملتا اور وہ لَبَّیْكَ یَا اَسْعَدَ عَبْدِیْ (اے میرے نیک بندے میں حاضر ہوں) کی آواز اپنے کانوں سے نہیں سنتا تو اسے نماز اور ذکر نہیں کہا جا سکتا کیونکہ اللہ تعالیٰ سمیع، بصیر، علیم، حیّ اور قیوم ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَ مَا کُنْتُمْ (سورۃ الحدید۔4)

ترجمہ: اور وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے تم جہاں کہیں بھی ہوتے ہو۔

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ (سورۃ ق۔16)

ترجمہ: اور ہم تو اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں۔

وہ بے نیاز ضرور ہے لیکن بت نہیں کہ بت پرستی کی جائے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِحُضُوْرِ الْقَلْبِ

ترجمہ: حضورِ قلب کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

اسی کے متعلق حدیثِ قدسی میں فرمایا گیا:

اَنَا مَعَ عَبْدِیْ اِذَا ذَکَرَنِیْ وَتَحَرَّکَتْ بِیْ شَفَتَاہُ (مشکوٰۃ۔2285)

ترجمہ: میں اپنے بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے اور (ذکر کرنے کے لیے) اپنے ہونٹوں کو ہلاتا ہے۔

اگر فقرِ محمدی کی اس باطنی راہ میں دلیل، وھم، الہام یا مشاہدہ حاصل نہ ہوتا تو اس راہ پر چلنے والے سب لوگ گمراہ ہو کر کافر، مشرک اور مردود ہو جاتے۔ ہر وہ راہ جسے شریعت ردّ کرے وہ کفر کی راہ ہے۔ جان لو کہ شریعت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت اور پیروی کو کہتے ہیں۔ کامل پیر و مرشد وہ ہوتا ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اتباع و پیروی کرواتے ہوئے طالبِ مولیٰ کو اس جگہ پہنچا دے جس جگہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پہنچے۔ یہ سنتِ عظیم اور صراطِ مستقیم ہے جو اسمِ اعظم کی برکت سے طے ہوتی ہے اور اس کی بدولت طالب کا وجود بھی عظیم ہو جاتا ہے۔ جو مرشد اس مرتبہ پر نہیں پہنچا تا وہ خام و ناقص اور ایمان کے لیے خلل ہے۔ جاہل طالب شیطان کی مثل ہوتا ہے۔

فنا فی اللہ عارف باللہ مرشد وہ ہوتا ہے جو طالبِ مولیٰ کو اسمِ اللّٰہ ذات کے وسیلہ سے مجلسِ

محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پُر نور حضوری سے مشرف کر دیتا ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اس کا نصیب اور خطاب دلواتا ہے اور اپنا نام بھی نہیں آنے دیتا۔ وہ جس کسی کو نوازتا ہے ایک ہی نظر میں اس کا مرتبہ اپنے برابر کر دیتا ہے۔ وہ صاحبِ خلق ہوتا ہے جیسا کہ حدیثِ مبارکہ ہے:

تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ تَعَالٰی

ترجمہ: اللہ کے اخلاق سے متخلق ہو جاؤ۔

صاحبِ توفیق مرشد وہ ہوتا ہے جو ہمیشہ ہر طالبِ مولیٰ کا رفیق رہتا ہے اگرچہ طالب ہزاروں یا بیشمار ہوں جس طرح آفتاب طلوع ہو کر ہر ذرے کو چمکا دیتا ہے۔ نہ ذرّہ آفتاب سے جدا ہے اور نہ آفتاب ذرّہ سے جدا ہے اسی طرح مرشد اور طالب اللہ کے ہمراہ ہوتے ہیں۔ عارف باللہ مرشد وہ ہے کہ اگر طالب سے گناہِ کبیرہ سرزد ہو جائے تو مرشد کو فوراً خبر ہو جائے۔ مرشد کامل وہ ہے کہ اسی وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے پیش ہو کر طالب کے گناہ کے متعلق التماس کرے اور طالبِ مولیٰ کا گناہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے معاف کروا لے۔ یا پھر مرشد لوحِ محفوظ کو اپنے مطالعہ میں لے آئے۔ جس جگہ طالبِ مولیٰ کا گناہ لکھا ہو اپنی انگلی سے وہ گناہ مٹا دے اور گناہ کی جگہ ثواب لکھ دے۔ گناہ کو محو کرنے کی تاثیر کی بدولت طالبِ مولیٰ پشیمان ہو کر گناہ سے تائب ہو جائے گا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَا ذَنْبَ لَہٗ (ابنِ ماجہ۔4250)

ترجمہ: گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسے ہے جیسے اس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔

جو مرشد ایسی صلاحیت اور قوت نہ رکھتا ہو وہ لائق ارشاد نہیں ہے۔ طالبِ مولیٰ کو اس سے تلقین نہیں لینی چاہیے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَ السَّلٰمُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی (سورۃ طٰہٰ۔47)

ترجمہ: اور اس شخص پر سلامتی ہو جس نے ہدایت کی پیروی کی۔

اہلِ روایت وہ ہیں جو اہلِ ہدایت کی طلب میں ہوں۔ جب قیامت قائم ہوگی، اہلِ دنیا قبروں سے نکلیں گے تو ان کی پشت قبلہ کی طرف، چہرہ سیاہ اور گردن میں لعنت اور ظلم کا طوق ہوگا، ان کے وجود پر سانپ، بچھو اور شہد کی مکھیاں لپٹی ہوں گی۔

مرشد کامل وہ ہے جو ہر کسی کو اللہ کی طرف لے کر جائے اور انہیں اہلِ دنیا کا مقام دکھا دے تاکہ طالبِ مولیٰ کا دل دنیا اور اہلِ دنیا سے سرد ہو جائے۔ فقیری کی طلب وہ کرتا ہے جسے خود اللہ طلب کرتا ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اسے خود اپنی مجلس سے مشرف فرماتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

حُبُّ الْفُقَرَآءِ مِنْ اَخْلَاقِ الْاَنْبِیَآءِ

ترجمہ: فقرا کی محبت اخلاقِ انبیا میں سے ہے۔

حُبُّ الْفُقَرَآءِ مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ

ترجمہ: فقرا کی محبت جنت کی چابی ہے۔

دنیا کی طلب وہی کرتا ہے جسے فرعون طلب کرے اور وہ فقر، اللہ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحبت سے محروم رہتا ہے۔ کیا تو جانتا ہے کہ دنیا کیا ہے؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

اَلدُّنْیَا مَنَامٌ وَ الْعَیْشُ فِیْهَا اِحْتِلَامٌ

ترجمہ: دنیا نیند (کی مثل) ہے اور اس میں عیش و عشرت احتلام (کی مثل) ہے۔

جاننا چاہیے کہ روزِ حشر جب ارواح قبروں سے نکل کر میدان میں کھڑی ہوں گی اور اللہ تعالیٰ قاضی ہوگا، حساب سے خلاصی پا کر لوگ پل صراط سے گزریں گے، جو لوگ جنت میں پہنچیں گے وہ سب اللہ کے دیدار کے طلبگار ہوں گے (اور کہیں گے):

رَبِّ اَرِنِیْٓ اَنْظُرْ اِلَیْكَ (سورۃ الاعراف۔143)

ترجمہ: اے ربّ! مجھے (اپنا جلوہ) دکھا کہ میں تیرا دیدار کرلوں۔

اللہ تعالیٰ سوئی کے سوراخ جتنی آتشیں تجلی ستر آہنی پردوں میں لپیٹ کر ان کی طرف ڈالے گا۔ کل و جز کی ہر شے بے خود ہو کر سالہا سال تک پڑی رہے گی۔ لیکن جو مجلسِ محمدیؐ سے مشرف ہوں گے وہ محفوظ رہیں گے دیگر ہر شے اسی آتشیں نور کے باعث جل کر خاکستر ہو جائے گی۔

بیت:

ہر کہ اینجای ندید اُو آنجا کجا
کور مادر زاد کی بہ بیند لقا

ترجمہ: جس نے اس جگہ (یعنی دنیا میں) دیدار نہ کیا وہ وہاں (یعنی آخرت میں) کیسے کرے گا۔ مادر زاد (باطنی طور پر) اندھا کیسے دیدار کر سکتا ہے!

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى (سورۃ بنی اسرائیل۔72)

ترجمہ: اور جو اس دنیا میں (دیدار سے) اندھا رہا پس وہ آخرت میں بھی (دیدار سے) اندھا رہے گا۔

حضرت امامِ اعظم امام ابوحنیفہ رحمتہ اللہ علیہ نے دنیا میں ستر مرتبہ خواب میں اللہ تعالیٰ کا دیدار کیا۔ خواب میں انسان خود سے غافل ہوتا ہے لیکن جس خواب میں جواب باصواب حاصل ہو اور خاص لقائے ربّ العالمین کا شرف عطا ہو وہ خوابِ غفلت نہیں ہوتا۔ انہیں دیدار کو برداشت کرنے کی طاقت حاصل ہوئی اور انہوں نے خاتم النبیین کا کلام سنا۔ فنا فی اللہ فقیر عارف باللہ جو دنیا میں دائمی وصال اور حضوری سے مشرف رہتا ہے وہ آخرت میں بھی نورِ ذات سے مل جائے گا کیونکہ نورِ الٰہی کی بدولت اسمِ اللہ ذات کی آتش اس قدر تیز ہے کہ اس کے سامنے دوزخ کی آگ بھی سرد ہے۔ عارفین کے سینوں پر اسمِ اللہ ذات نقش ہوتا ہے جس کے نور میں ان کا سینہ ایسے جل رہا ہوتا ہے جس طرح خشک لکڑی آگ میں جلتی ہے۔ جس نے بھی دونوں جہانوں میں دوست (اللہ) کی جاودانی صحبت کی سعادت پائی فقیر عارف باللہ کی کرم نوازی سے پائی۔ طالبِ دنیا اور اہلِ دنیا

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مجلس سے دنیا و آخرت میں محروم رہتے ہیں کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ان سے مردار، ناپاک اور نجس دنیا کی بو آتی تھی اسی لیے صدیق اہلِ دنیا سے رُخ موڑ لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (سورۃ الکہف۔28)

ترجمہ: آپ کی نگاہیں ان (طالبانِ مولیٰ) سے نہ ہٹیں۔ کیا آپ دنیاوی زندگی کی آرائش چاہتے ہیں۔

اگر تُو اللہ تعالیٰ کو چاہتا ہے تو ہر چیز کو بھلا دے، تیرے لیے اسمِ اللہ ذات ہی کافی ہے جو ماسویٰ اللہ ہر شے پر خطِ تنسیخ کھینچ دے گا۔ عارف باللہ فقیر ہر گھڑی مختلف مقام پر اور ہر لمحہ مختلف مرتبہ پر ہوتا ہے۔ عارف باللہ جب دعوت پڑھتا اور دعا کرتا ہے تو وہ ایک دم پوری ہو جاتی ہے کیونکہ قبور پر دعوت پڑھنا (کامل) انسان کا عمل ہے۔ تمام زمین و آسمان میں موجود کل ارواح اور مؤکل اس کے حکم و قید میں ہوتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اِذَا تَحَيَّرْتُمْ فِى الْاُمُوْرِ فَاسْتَعِيْنُوْا مِنْ اَهْلِ الْقُبُوْرِ

ترجمہ: جب تم اپنے معاملات میں پریشان ہو جاؤ تو اہلِ قبور سے مدد مانگ لو۔

جو ایسی دعوت پڑھنا شروع کرتا ہے تو اٹھارہ ہزار عالم اس کے غلام بن جاتے ہیں جب تک اس کا کام پورا نہ ہو۔ یہ دعوت پلک جھپکنے میں اللہ تک پہنچا دیتی ہے۔

بیت:

شہسوارم شہسوارم شہسوار
غوث قطب مرکب اند تہ زیر بار

ترجمہ: میں شہسواروں کا شہسوار ہوں۔ غوث و قطب میری سواری اور میرے زیر بار ہیں۔

دعوت کے دوران فقرا کی دعا فوراً قبول ہو جاتی ہے کیونکہ فقرا کی زبان رحمٰن کی تلوار ہے۔ وہ غوث،

قطب، درویش، فقیر یا کسی غازی کی قبر پر اپنی تلوار کی مثل زبان سے دعائے سیفی پڑھتے ہیں اور ایک دم میں بارگاہِ پروردگار سے اپنا مقصود پا لیتے ہیں۔ یہ راہ شجاعت مندوں اور جانثار مردوں کی راہ ہے۔ انہیں ریاضت و چلہ کرنے، جانوروں کا گوشت کھانا ترک کرنے کی کیا ضرورت؟ وہ صاحبِ دیدار ہیں نہ کہ صاحبِ انتظار۔

نظم:

ہر کہ با ھُو دم کشد جان چاک چاک
از اسم با ھُو متصل باھُوؒ چہ باک

ترجمہ: جو اسمِ ھُو کے ساتھ سانس لیتا ہے اس کی جان پارا پارا ہو جاتی ہے۔ باھُوؒ اسمِ ھُو کے ساتھ وصال پا چکا ہے اسے کیا خوف!

باھُوؒ! ب اسم الف از اسم او
ہر چہ باشد غیر ھُو از دل بشو

ترجمہ: ھُو کے ساتھ ب اور الف ملانے سے باھُو کا نام بنتا ہے۔ ھُو کے علاوہ جو بھی ہے اسے دل سے دھو ڈال۔

ھُو ہویدا میشود روشن ضمیر
واوٗ وحدت میکشد فی اللہ فقیر

ترجمہ: ھُو جب وجود میں ظاہر ہو جاتا ہے تو وہ روشن ضمیر بنا دیتا ہے اور وحدت کی طرف لے جا کر فنا فی اللہ فقیر بنا دیتا ہے۔

باھُوؒ ھُو گشت تو در جسم جان
باھُوؒ بہر مشکل یا ھُو بخوان

ترجمہ: ھُو باھُوؒ کا جسم و جان بن گیا ہے۔ وہ ہر مشکل میں یا ھُو پڑھتا ہے۔

اسم اعظم باھُوؒ از ھُو بجو

ھُو حقیقت سرّ سرّی بکس مگو

ترجمہ: باھُوؒ ھُو سے اسمِ اعظم پاتا ہے۔ ھُو ہی اسرارِ حقیقت کھولتا ہے۔ ان اسرار کو کسی سے بیان مت کر۔

ھُو کلید جنت است و از لامکان

ذاکر ھُو کم بود اندر جہان

ترجمہ: ھُو کا ذکر جنت کی کلید ہے اور اس کا تعلق لامکان سے ہے۔ ھُو کا ذکر کرنے والے اس جہان میں بہت کم ہیں۔

ہر کہ باترتیب ذکر ھُو کشد

عارف باللہ آن بی شک شود

ترجمہ: جو کوئی اصل طریقہ سے ذکرِ ھُو کرتا ہے بلاشبہ وہ عارف باللہ بن جاتا ہے۔

باھُوؒ ھُو آتش سوزد بہ تن

نفس کافر را بسوزی جان من

ترجمہ: باھُوؒ! ذکرِ ھُو کی آتش وجود کو جلا دیتی ہے۔ اس لیے جانِ عزیز! تو اپنے کافر نفس کو جلا دے۔

باھُوؒ ھُو ذکر باشد لازوال

و از ذکر ھُو حاصل شود قرب وصال

ترجمہ: باھُوؒ! ذکرِ ھُو لازوال ہے۔ ذکرِ ھُو سے ہی اللہ کا قرب اور وصال نصیب ہوتا ہے۔

ہر کہ از ھُو بی خبر اُو گاوٗ خر

ز ھُو ہویدا میشود زیر و زبر

ترجمہ: جو ذکرِ ھُو سے بے خبر ہو وہ بیل اور گدھے کی مثل ہے۔ اسی ذکر سے زیر و زبر کی ہر شے

منکشف ہوتی ہے۔

ھُو ہدایت می شود از ہر مقام

ھُو حیاتی جن و انس و خاص و عام

ترجمہ: ذکرِ ھُو ہر مقام پر ہدایت عطا کرتا ہے اور ھُو سے ہی جن وانس اور ہر خاص وعام کی زندگی ہے۔

آن صفت صانع کہ باشد ھُو حیات

ہر کہ با ھُو محرم است آن شد نجات

ترجمہ: جو ذکرِ ھُو سے حیاتِ جاودانی پالے وہ 'صانع' کی صفت کا حامل ہو جاتا ہے۔ جو ھُو کا محرم ہو جائے وہ ہر غم سے نجات پالیتا ہے۔

ھو بدان دو چشم چشم کشا

و از واوٗ وحدت بُرد دری کبریا

ترجمہ: ھُو کی ھ کو دو آنکھوں کی مانند سمجھ جو باطن کی آنکھ کو کھول دیتی ہیں۔ ھُو کی واوٗ وحدتِ کبریا تک لے جاتی ہے۔

ھُو حیاتی میدہد ہر مردہ دل

ہر کہ از ھُو بیخبر آن روی خجل

ترجمہ: ذکرِ ھُو ہر مردہ دل کو زندگی بخش دیتا ہے۔ جو ذکرِ ھُو سے بے خبر ہو وہ شرمندہ چہرے والا ہوتا ہے۔

از ذاکر ھُو طلب کن دو سہ گواہ

ترک دنیا حرص حسد و عزّ و جاہ

ترجمہ: ذاکرِ ھُو سے دو یا تین گواہ طلب کر۔ یعنی دنیا، حرص وحسد اور عز و جاہ کی خواہش کو ترک کرنا۔

باھُوؒ ھُو بتوی با تو ھُو

از ذکر ھُو فریاد در دل بہر سُو

ترجمہ: اے باھُوؒ! ھُو تیرے ساتھ ہے اور تُو ھُو کے ساتھ ہے۔ ذکرِ ھُو سے ہر لمحہ دل میں اللہ کے لیے فریاد کر۔

مرد آن باشد ز ھُو پردہ کشا

بر ترا زو ز عرش ببرد کبریا

ترجمہ: مرد وہ ہوتا ہے جو تیرے اور ھُو کے درمیان سے حجاب ہٹا دے۔ پھر تجھے عرش سے اوپر وحدتِ کبریا تک لے جائے۔

ہر کہ با کبر است لعنت باد او

از ریا و کبر زان بیزار شو

ترجمہ: جو متکبر ہو اس پر لعنت ہوتی ہے۔ ریا و تکبر سے بیزار ہو جا۔

باھُوؒ! بہر از خدا رہبر نما

ہر ہوا زیر پا تو بر ہوا

ترجمہ: اے باھُوؒ! خدا کی خاطر راہنمائی فرما۔ (اے طالب!) ہر خواہش کو قدموں تلے روند دے تب تو بلندی کی طرف جائے گا۔

تو نمیدانی حقیقت راہ دین

لعنت بر نغمۂ مطرب لعین

ترجمہ: تو راہِ دین کی حقیقت سے آگاہ نہیں۔ لعنت ہو ان گانا گانے والوں پر۔

ہر کہ شد یار محبت با نظر

آن نظر ہرگز نہ بیند سیم و زر

ترجمہ: جس کی نظر یار کی محبت پر ہو وہ سونا و چاندی کی طرف بالکل نہیں دیکھتا۔

ھُو بدریائیست زان ای عظیم
دُرّ نور احمدؐ است وحدت قدیم

ترجمہ: ھُو قدیم وحدت کا ایک عظیم سمندر ہے۔ اس میں نورِ احمدیؐ کا موتی ہے۔

از قبر باھُوؒ برآید ھُو حق بنام
واصلان را ختم فقرش از ھُو تمام

ترجمہ: باھُوؒ کی قبر سے ھُو کی آواز آتی ہے۔ ذکرِ ھُو سے ہی فقر مکمل ہوتا ہے اور طالب واصل ہو جاتا ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورۃ البقرہ۔255)

ترجمہ: اللہ (ھُو) کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

❁ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ (سورۃ الاعراف۔187)

ترجمہ: اسے (یعنی ہر امر کو) اپنے (مقررہ) وقت پر اس (ھُو) کے سوا کوئی ظاہر نہیں کرے گا۔

❁ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورۃ الحشر۔22)

ترجمہ: وہی (ھُو) اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

ابیات:

خواندن یاھُو و در چشم خواب
نام باھُوؒ چیست یعنی گنج وہاب

ترجمہ: یاھُو کا ذکر سوتے جاگتے کر۔ باھُوؒ کے نام کو الٹا پڑھا جائے تو یہ 'وہاب' بنتا ہے یعنی باھُوؒ بن مانگے خزانے دینے والا ہے۔

ہر کہ خواہد گنج دنیا از وہاب
درمیان یک ہفتہ گردد اُو خراب

ترجمہ: جو وہاب سے دنیا کے خزانے طلب کرتا ہے وہ ایک ہفتہ میں خراب حال ہو جاتا ہے۔

باھُوؒ را یاھُو بدان یاھُو بخوان
از خواندنی یاھُو شود سرّ عیان

ترجمہ: باھُوؒ ذکرِ یاھُو کو سمجھتا اور پڑھتا ہے۔ ذکرِ یاھُو سے ہی اسرار عیاں ہوتے ہیں۔

باھُوؒ! مکانی چیست آہ سوز درد
غیرِ حق ھُو سوخت ماند حق بفرد

ترجمہ: اے باھُوؒ! مکان کیا ہے؟ جہاں سوز و درد سے آہیں نکلتی ہیں۔ ھُو کے سوا غیرِ حق کو جلا دے اور حق کے ساتھ تنہا رہ۔

باھُوؒ ھُو مکانی چیست ملکی لامکان
نیست آنجا اسم جسم و جان

ترجمہ: اے باھُوؒ! ھُو کا مکان کونسا ہے؟ اس کا مکان لامکان ہے۔ جہاں نہ اسم ہے، نہ جسم اور نہ جان۔

باھُوؒ ھُو نور است قرب باحضور
باھُوؒ را یاھُو برد وحدت غرق نور

ترجمہ: باھُوؒ! ھُو حضوری اور قرب کا نور ہے۔ باھُوؒ کو ذکرِ یاھُو نے وحدت تک لے جا کر نور میں غرق کر دیا۔

باھُوؒ پیری راستی راست دین
گنج نگردد راستی بر کسب مین

ترجمہ: باھُوؒ دینِ راست کا حامل سچا پیر ہے۔ جھوٹ کے کسب پر سچے خزانے نہیں ملتے۔

بی یقین شرمندہ شیطان مرید

تو نمیدانی کہ باھُوؒ بایزیدؒ

ترجمہ: بے یقین شرمندہ اور شیطان کا مرید ہوتا ہے۔ تو نہیں جانتا کہ باھُوؒ بایزیدؒ کی مثل ہے۔

از قبر باھُوؒ ھُو برآید بحق نام

